فرہنگ فارسی جدید

جسمیں

جدید فارسی زبان کے تقریباً دس ہزار الفاظ جو فی زمانا بلاد ایران میں مروج ہیں۔ فارسی نظم ونثر اور علوم
فنون کی صدہا کتب و جرائد و رسائل سے سالہا سال کی محنت و مشقت کیساتھ جمع کرکے ان کے
معنی اردو زبان میں شرح و بسط لکھے گئے ہیں

مولفہ

راجہ راجیسور راؤ اصغر خلف اکبر راجہ اوما راؤ المخاطب (مہاراجہ بہادر) آنجہانی سمستھان

مصنف و مترجم

محبوب الاخلاق۔ حدیقۃ الاخلاق۔ گلبن دانش۔ گلزار دانش۔ ریاض دانش۔ کشف الاسرار۔ انتخاب بہار دانش
انتخاب انوار سہیلی۔ تشریح الفرس۔ گنجینۂ امثال۔ کارنامہ۔ ہدیۃ الملوک۔ تاریخ جہانگیری۔ معالجات الکلب
نجم اللغات۔ مفتاح اللغات۔ افسر اللغات۔ فرہنگ آفاق۔ قران السعدین۔ مجمع البحرین۔ نغمۂ عنادل
تاریخ ہند۔ طبقات اکبری اردو۔ مجموعہ ضرب الامثال (در چہار زبان) مجمع الالفاظ وغیرہ وغیرہ

سنہ ۱۳۳۹ھ

صرف ماڈل اردو دنیا چھاج پریس میں چھپا

اس کے مختلف لہجات میں اسی قسم کا اختلاف ہے جس طرح دہلی۔ لکھنو اور حیدرآباد وغیرہ کی زبان میں ہے۔ اذربی (آذربائیجانی) اور ماوراء النہری لہجوں میں ترکی الفاظ کی کثرت ہے خوزستانی۔ عراقی۔ وجزری میں عربی عنصر غالب ہے۔ خزری وقفقازی میں روسی مسلط ہے بلوچی میں پشتو شریک ہے۔ فارسی (صوبۂ فارس کے لہجہ) میں انگریزی اثر نمایاں ہے۔ تراجم وتالیف علمیہ نے جرمن و فرنچ الفاظ کو بکثرت داخل کرلیا ہے۔ غرض میں نے اختلاف کی صورتوں میں مستقر کی زبان (طہرانی لہجہ) کو ترجیح دی اور تلفظ فصحائے ایران کے بموجب لکھا ہے۔

واضح ہو کہ اس فرہنگ میں جہاں کہیں لفظ (مقامی) لکھا گیا ہے اوس سے مضافات کی زبان سمجھی جائے۔ نیز ارادہ ہے کہ جدید عربی۔ سنسکرت اور ہندی کے حصص بھی جداگانہ اسی طرح یکے بعد دیگرے طبع کراؤں انشاء اللہ تعالیٰ۔

آخر میں ناظرین حق کوش وخطاپوش سے امید ہے کہ اگر کہیں غلطیاں میری یا کاتب کی وجہ سے رہ گئی ہوں تو مجھے مطلع کریں تاکہ طبع ثانی میں اونکی اصلاح کردوں جس سے نہ صرف یہ نیازمند ممنون ہوگا بلکہ ملک بھی آپ صاحبوں کا ہمیشہ مرہون احسان رہیگا۔

راقم احقر

۱۲ جمادی الثانی ۱۳۳۹ھ (حیدرآباد دکن) راجیسوراؤ۔ اصغر

میں نہایت اخلاص و عقیدت سے اپنی اس ناچیز تالیف کو حضرۃ المفخم
عالیجناب فضائل مآب نواب عماد الملک بہادر بہ جمیع القابہ کے
اسمِ گرامی کیساتھ "بلحاظ ان مساعیِ جمیلہ کے جو انجناب کی ذاتِ ستودہ صفات سے
ترقیِ علوم و فنون میں ظہور پذیر ہوئے ہیں" معنون کرنے کا شرف و اعزاز
حاصل کرتا ہوں۔

نیازمند

راجیسور راؤ - اصغر

افادت شامه فرموده اند می توان گفت که البته این کتاب جدید بجهت فارسی آموزان هند مفید و سود مند خواهد افتاد و شکی نیست که چرا که جمع آوری این الفاظ جدیده بسیار جد و جهد بکار برده اند و بدین سبب بر اهالی هندوستان لازم است که ازین کتاب متمتع شده مولف را بتهٔ تشکر و امتنان یاد آورند۔

انتقاد عالیجناب فضیلت مآب مولانا بالشرف مولانا مولوی حکیم سید محمد احمد رضا صدر خلیلیہ کالج ریاست ٹونک (راجپوتانہ)

عہد اسلام میں فارسی ہندوستان کی دفتری زبان تھی اس لئے اسکی تعلیم خاص اہتمام و توجہ سے ہوتی تھی۔ دونوں ملکوں ایران و ہندوستان کا نصاب بھی تقریباً ایک تھا کیونکہ درس و تدریس میں عموماً ایران کی تقلید کیجاتی تھی نظم و نثر میں ایرانی اتباع پایۂ اعتبار کے لئے ضروری تھا انتزاع حکومت سے اسکی سیاسی و رسمی ضرورت باقی نہیں رہی البتہ مخاطبات و مراسلات خانگی۔ مذاق شعری اور بغرض تکمیل اردو کے لئے فارسی کا پڑھنا لکھنا قائم رہا لیکن ہندوستانیوں کو فکر معاش کی جانب سے اتنی فرصت بلکہ ضرورت نہ تھی کہ اہل ایران کیساتھ ساتھ ترقی کرتے یہ فقط آموختہ ہی پڑھتے رہے انکی تعلیم و تدریس خسرو، سعدی، حافظ، واعظ، جامی، عرفی، خاقانی، نظامی و فردوسی وغیرہ متقدمین ہی میں محصور و محدود رہی۔ فارسی کے مستقبل کی انہیں کچھ خبر نہ رہی برخلاف اس کے ایرانیوں کے لئے فارسی ملکی و حکومتی زبان ہے، ارتقاء و تغیر ضرور تھا چنانچہ تمدن جدید نے ہزارہا الفاظ اختراع و اختیار کئے مولد و مفرس و دخیل کلمات کے سیلاب عظیم نے ایران کی شکل و شباہت قدیمہ بالکل بدل دی اسی متغیر و متبدل صورت کا نام ہندوستان میں فارسی جدید ہے جسکا سیکھنا آسان نہیں کیونکہ میری تحقیق میں اسکے کم سے کم چالیس لہجے ہیں اسکی تشریح و تفصیل یہاں موجب تطویل ہے

سامنا کرنا پڑتا ہے اور جب اس طرح سے مشکل حل نہیں ہوتی تو مجبوراً ترجمہ و شرح تلاش کرتے پھرتے ہیں عربی
زبان کی اول تو ہمارے یہاں تعلیم محدود ہے اور دوسرے اس زبان کے جدید الفاظ و محاورات
میں چند مختصر و مطول کتابیں بھی شائع ہو چکی ہیں جنکی مدد سے ایک حد تک اسکی مشکلیں آسان ہو گئی ہیں
لیکن یہ بات نہایت افسوس کے قابل ہے کہ فارسی زبان باوجودیکہ اسکی تعلیم سرکاری مدارس و خانگی مکاتب
میں زیادہ رائج ہے اور اسکے ادب و انشا سے ہماری اردو زبان کو زیادہ فیض پہنچتا ہے ابتک ایسی لغت
یا فرہنگ سے خالی ہے جو اسکے دخیل الفاظ و جدید محاورات کی مشکلوں کو حل کر سکے۔ گو فارسی بول چال
کی کتابوں میں کچھ جدید الفاظ کے معنی بتا دئے گئے ہیں لیکن "کہیں اوس سے پیاس بجھتی ہے" کہاں یہ معدودے چند
الفاظ اور کہاں یہ وسیع فارسی زبان ایسی بے سروسامانی اور علمی کساد بازاری کے زمانہ میں علوم و فنون
کے شیدائی جناب راجہ اجمیر راؤ صاحب اصغر خلف الرشید عالیجناب راجہ صاحب والی سمتان دومکندہ
علاقہ سرکار نظام نے جنکے قلم فیض رقم سے متعدد دلچسپ قابل قدر کتابیں تالیف و تصنیف ہو کر مطبوع
و شائع ہو چکی ہیں پبلک میں بڑی عزت و وقعت کی نگاہوں سے دیکھی جاتی ہیں فارسی زبان کی اس اہم
ضرورت کو محسوس فرماکر اس فرہنگ جدید کو مرتب فرمایا ہے جسمیں بہ ترتیب حروف تہجی تمام جدید الفاظ
مفرد و مرکب کے معنی نہایت ہی سلیس و عام فہم اردو زبان میں لکھے ہیں اور اب اسکو رفاہ عام کی غرض سے
طبع و شائع کراتے ہیں جسکا سنہ طبع فقرہ "جدید فارسی کی بے مثل فرہنگ" سے عیاں ہے اسکے
مطالعہ سے نکتہ سنج و علم دوست حضرات خود اعتراف فرمائینگے کہ واقعی اس فرہنگ کے وجود سے
جدید فارسی کا بہت بڑا اشکال دور ہو گیا ہے۔ میں جناب راجہ صاحب موصوف کو اس قابل قدر تالیف پر
تہ دل سے مبارکباد دیتا ہوں اور تمام اہل ملک خصوصاً عہدہ داران سررشتہ تعلیمات سرکار عالی
اور عام طلبہ و مدرسین سے التماس کرتا ہوں کہ اس عزیز الوجود کتاب کی کماحقہ قدردانی فرمائیں

باب الف ممدودہ

آبام - مضبوط قلعہ جو پہاڑ پر ہو - بُرج - منارہ - منطقۃ البروج -

آب بازی کردن - تفریح طبع کیلئے نہانا -

آب بپز - اُبلا ہوا (انڈا)

آب بیترن زدن - پانی کا بہہ اوٹھنا - پانی کا اوچھلنا -

آب تمیز - صاف پانی -

آبجو - بیر جو ایک قسم کی شراب ہے -

آب جوش - سوڈا واٹر -

آب چایئدہ - سرد پانی -

آب چین - حمام کا بڑا توال -

آبخست - جزیرہ ٹاپو -

آبخست نما - جزیرہ نما -

آب خوار - موچھ - شارب - بروت -

آب دار - چاو بنانیوالا - رسد اور خوراک کا منتظم

آبدار باشی - رسد وغیرہ کا افسر اعلی -

آب داغ - گرم پانی -

آب دریک جو رفتن - اتفاق کرنا -

آب دُزدک }
آب دُزنک } پچکاری - انجکشن -

آب دُزدک دادن - جسم اور رگوں میں پچکاری کرنا

آب دست - جبہ جس کی آستین تنگ ہوتی ہے

آبریز - پاخانہ - بیت الخلا -

آب سالم - موافق اور خوشگوار پانی -

آب شان - ایک خوشبودار جڑی کا نام جس کو (سعتر) کہتے ہیں -

آبشخور - حوض - منبع - نہر - قسمت - روزی -

آبشناس - ملاح - شناسا -

آبشین کردن - اُبلنا - ابل اوٹھنا

آبکش بہشتی - سقا -

آبکی - ہلکی چائے کی صفت (رنگ وغیرہ میں) -

آب گرم معدنی - وہ گرم چشمہ جو گندھک وغیرہ کی کانوں سے نکلتا ہے -

آب گیر - حمام کا وہ ملازم جو برتن وغیرہ میں پانی نکالے

آبلہ کوب - ٹیکا لگانے والا چیچک برآر -

آبلہ کوبی - چیچک یا طاعون کا ٹیکا -

آبلہ کوبیدن - چیچک یا طاعون کا ٹیکا لگانا -

آبلہ کورک - چیچک -

آب لیموں - لیمونیڈ -

آب معدنی - سوڈا واٹر لیمونیڈ وغیرہ -

آبہی - دریاے جیحون - ہکتر آسیہ -

آبِ یزید - شراب - مے -
آتش خانہ - بندوق کا پیالہ -
آتو مسفر - کرۂ باد -
آجن کردن - دندانہ یا آلہ بنانا -
آجیل - وہ میوہ جات جو کھانے کے بعد کھائے جائیں -
آجیل کیسہ - جیب خرچ -
آچار - (مقامی لہجہ) پیچ کش -
آخ - وہ آواز جو صدمہ یا تکلیف کی حالت میں نکلتی ہے -
آدم باز - لڑکوں کو کھلانے والا
آدم چوبی - لکڑی کا وہ پتلا جو مصور اوضاع جسم انسان معلوم کرنے کے لئے رکھتا ہے -
آرام - آرام - خاموش - خاموش -
آرام و فصیح - آہستہ و شائستہ -
آرو سکس - سال متاع جو خرید و فروخت کے لئے ہو -
آزادبہا - جزیہ -
آزادی طلب - لبرل پولیٹیشن -
آزدہ - } ایک کو دوسرے کے ساتھ ملا کر سینا -
آژدہ - }
آزمان - احسان - حسرت -
آزمون - تجربہ - امتحان -

آزیدن - تلوار و خنجر وغیرہ کی طرف ہاتھ بڑھانا -
آزیغ - نفرت - کراہت -
آزین - جشن - آئین بندی - خوشی -
آژیر - ہمیشگی کرنے والا -
آستانہ - قسطنطنیہ -
آستانہ گزین - مجاور - متولی -
آستانہ نشین - معتکف -
آستریا - (آسٹریا -) یورپ کا ایک ملک -
آسک - ہاتھ کی چکی -
آس گردان - پسنہاری -
آسمان چفتہ چفتہ - آسمان پر جب لکہ ہائے ابر ہوں تو کہتے ہیں -
آسمانہ - چھت - کھڑکی - منظر -
آسیاب - وہ چکی جو پانی کے زور سے چلتی ہے -
آسیابان - وہ شخص جو چکی کا کام کرے - پسنہارا -
آسیمہ - سر و مغز کی ایک قسم کی بیماری -
آشپز - باورچی -
آشپزخانہ - مطبخ - باورچیخانہ -
آش سرکاسہ - ہر فن مولا - ہر چیز میں دخل دینے والا
آغ - مالی پیشکہ -
آغاباجی - بڑی بہن - آپا -

آغاز - شگون - فال -

آغاش - فراہم جمع -

آغشتہ - وہ دروازہ جسکے اوپر کچی اینٹ لگے ہون -

آفتاب سایہ - وہ مقام جہان دہوپ اور سایہ دونون آئین -

آغل - بکریون کا باڑہ - مندہ -

آغور - سفر کو جانا - سفر سے آنا -

آغور سفر - کوچ -

آغوش - غلام -

آفتاب غروب - سورج ڈوبنے کا وقت -

آفتابی شدن - ظاہر ہونا - پیدا ہونا -

آفتاب گردان - سورج گیری -

آق - سفید (ت)

آقاسی - مہتمم دیوانخانہ شاہی -

آق پر - سفید چادر - پٹی -

آکلہ - گوشت کا سڑ جانا - حصہ جسم کا مردہ پڑ جانا -

آگت - عیب - عار - آفت -

آگیرہ - آتش گیر شئے یا مادہ -

آلاتِ نفخی یا آلاتِ نفس کشی } دم لینے کا اوزار یعنی انسانی پھیپھڑی -

آلتہ در دست دیگران شدن - کٹھ پتلی ہونا -

آشفتگی - فروتنی - خاکساری - عاجزی -

آل و اشخال - کوڑا کرکٹ -

آلۂ احتباس برقی - لیڈن جار -

آلۂ استوا - اسپرٹ لیول - لیول پیمانہ -

آلۂ پاچا - جراب -

آلۂ حفظ صوت - فونوگراف -

آلۂ کار - آرگن -

آوار - بارش یا ہوا سے پہاڑ کا ٹوٹ گرنا - ڈینوڈیشن - کھنڈر - خراب -

آواز - گیت - غزل -

آواز خوان - قوال - مطرب -

آوردہا صحیح (آلادرہا) صیغہ جمع خدا کا وہ حصہ جہان عالم ضعیفی مین گر کے پڑجاتے ہین -

آونگ - آدہر لٹکا ہوا - معلق -

آونگان - آویزان - ہر وہ چیز جس کو رسی سے باندہکر لٹکا دین -

آویزہ - ٹہنی -

آہن آلات - لوہے کے برتن یا چیزیں -

آہن ریزی - لوہا ڈہالنے کا (کارخانہ) -

آہن مفرغ - ڈہالا ہوا لوہا -

آئینہ بدن نما - وہ بڑا آئینہ جس میں سارا جسم دکھائی دے۔

باب الف مقصورہ

اِبراز مطلب کردن - اظہار مافی الضمیر کرنا۔ دل کی بات کہنا۔

اَبرشیہ - بشپ (اُسقف) کا دائرہ اثر۔

اَبرک یا اُورَک - جھولا۔

اَبرق یا چہرہ برزی - گھنی اور گنجان بھوں۔

اَبریسم - الماس۔

اِبریق القہوہ - سماور۔

اِبزیم - بکسوا۔

اَبعادیہ - کھیت - جاگیر۔

اِبلیز - اراضی دریا برار۔

اِبلیک - منار۔

اُبنہ دار - گانڈو - کونی - مابون

اَبنیہ - عمارات - مکانات۔

اَبنیہ دولتی - سرکاری مکانات۔

اَبوالجمعی - افسری - سرداری۔

اَولویت - نیز بغل پہلو۔

اَتابک - نائب جو خورد سال بادشاہ کی طرف سے کام کرے۔

آتازونی - ولایت متحدہ امریکہ۔

اُتاق خواب - سونے کا کمرہ۔

اُتاق کشتی - جہاز کا کمرہ۔

آتاماژور - افسر جنگ - مشیر جنگی۔

اِتحادی - کنزرویٹو پارٹی۔

اُتراق کردن - مقام کرنا - قیام کرنا۔

اُتراق - تاخیر - درنگ۔

اَتعاب - فیس - محصول۔

اِتفاقیہ - معاہدہ۔

اَتکات - آداب مجلس - اصول معاشرت۔

اُتو - چپٹا لوہا - استری۔

اَتوالید - فوج کی قیام گاہ - بارکس۔

اَتوکاتو - ایڈوکیٹ۔

اُتوکش - استری کرنے والا۔

اَتوموبیل - خود رو کل - موٹر کار۔

اَثاث البیت - فرنیچر۔

اَثر زخم - زخم کا گھاؤ - زخم کا داغ۔

اِجارہ دار - مزدور - حمال - قلی۔

اِجارہ بازار - بازار کا محصول۔

اِجازت دادن - ملنا ملاقات کرنا۔

اُجاق - تنور - چولہا - باورچی خانہ۔

اِجتماعی - شوشل - معاشرت سے متعلق -

اُجراآتِ تحفظیہ - تدابیر حفظ ماتقدم

اُجرتِ پست دادہ شدہ - پوسٹ پیڈ - جس چیز کا محصول ڈاک ادا کر دیا گیا ہو -

اُجرتِ جواب دادہ شدہ - ریپلائی پیڈ یعنی جواب کا خرچ ادا کیا گیا -

اُجرتِ سفارشی - رجسٹری کی فیس -

اَجزاچی - دوا فروش - عطار -

اَجزاخانہ - شفاخانہ - ہسپتال -

اجزائے ادارہ - انتظامی عملہ - جماعت -

اجزائے اُردو - سیاہی لشکر - بہیر بنگاہ فوج کے وہ ہمراہی لوگ جو لڑتے نہیں ہیں مثلاً شفاخانہ - ڈاکخانہ - رسد رسان وغیرہ

اجزائے انتظامی - مینیجنگ کمیٹی کسی صیغہ کے سربراہ کار -

اجزائے بحریہ - بحری عملہ - دریائی فوج -

اجزائے پارلمان - پارلیمنٹ کے ممبر -

اجزائے سفارت - معاونان سفارت - ایلچی گری کا عملہ -

اجزائے سنا - امراء اور اعیان کی مجلس -

اجزائے شوریٰ - کونسل - کونسل کے ممبر -

اِجلاس - سیول کمیٹی - انجمن برائے تصفیہ دیوانی -

اِجندہ - یادداشت کی کتاب -

اَجودان - ایڈی کیمپ - عرض بیگی -

اَجودان جنرال - جنرل اجوٹنٹ -

اَجودان صدارت - وزارت کے مشیر و مددگار

اَجودان مخصوص - خاص مصاحب -

اَجیو - بٹا - کمی -

اِحتجاب - بند یا موقوف ہو جانا -

اِحتجاج - وجوہ ناراضی و مخالفت پیش کرنا -

اِحترام نظامی - فوجی سلام جنگی تعظیم -

اِحتفال - جلسہ - مجمع -

اِحتکار - ٹھیکا -

اِحتلال - قبضہ -

اِحتیاط - خوف - خطر - شک -

اَحرار - لبرل پارٹی -

اِحساس - پہچاننا - تمیز کرنا -

اِحصاء - مردم شماری -

اُخ - آہ - درد یا تکلیف کی آواز -

اَخبارچی - خبروں کا شغل رکھنے والا -

اَخبار رسمی - آفیشل گزٹ - سرکاری جریدہ

اِختصاصی - کسی خاص فن کا ماہر -

اِخْتِلاس - مالک کے مال مین تصرف کرنا۔ خیانت۔

اُخْتِیَت - بہناپا۔

اُخْشیجان - ضد۔ مخالفت۔

اِخْطار - انتباہ - نوٹ۔

اَخ وتف کردن - کھنکھارنا۔

اِدارہ - دفتر۔ محکمہ۔ کارخانہ۔

اِدارۃ البرید - پوسٹل اڈمنسٹریشن۔

اِدارہ بلدیہ - میونی سپالٹی۔

اِدارۂ تنظیفیہ - میونی سپالٹی۔ اگزیکیوٹو کمیٹی

اِدارۂ عموم گمرک - صدر دفتر کروڑگیری۔

اِدارۂ قلمی - سررشتہ دیوانی۔ صیغۂ اہل قلم۔

اِدارۂ نظامی - سررشتہ فوج۔

اِدارۂ نظمیہ - پولیس اسٹیشن۔ تھانہ۔

ادب خانہ - پاخانہ۔

اَدرس - پاسنامہ۔ پتہ۔

اِدریاتیک بحر - وہ سمندر جو اطالیہ و بلقان کے بیچ ہے

اَدَوات جنگی - آلات حرب۔

اَدویہ - مصالحہ۔ (دوا کی جمع دواجات ہے)

اَداک - جزیرہ شاپو۔

اراجیف گفتن - جھوٹی خبرین کہنا بے معنی اور واہیات باتین بکنا۔

اراضی خالصۂ دیوان - خاص شاہی زمین یا جائداد

اراضی غدرہ - دلدل زمین۔

اَرامِل - جمع ہے ارمل کی لیکن واحد مستعمل نہین - بیوہ

اَرباب - زمیندار۔

اربابی - زمینداری - تعلقداری۔

اِرتجالاً - فی البدیہہ۔

ارتوذکس - (آرتھوڈکس) ایک عیسائی فرقہ

ارج - دست - ہاتھ - تقریباً بیس انچ کا ناپ۔

ارجوحہ - ہنڈولہ جو نیچے اوپر ہوتا ہے۔

ارخالق - لمبا زیر جامہ یعنی قمیص۔

اَردا - بدتر۔ خراب تر۔

اُردک - جنگلی بط۔

اُردو - لشکری خیمہ۔

ارزن - آرمینہ کا ایک شہر۔

اردی نالس - مامور - محافظ - آرڈنیل۔

ارسال ومرسولی - مکاتبت ومراسلت کرنا خط وکتابت۔

ارسالیہ - وفد - ڈیپوٹیشن۔

ارستقراطی - شخصی سلطنت۔

ارسنال - توپ خانہ - سلاح خانہ۔

ارسی - دیوان خانہ۔

اَبَرشَہِید دُوش - امیر کبیر - امیر اعظم -
اَرَضِیَّۃ - بندرگاہ مین جہاز کے زیادہ ٹھہر اینیکا کرایہ
اَرَق وَبَرَق - بھڑکیلا - زرق و برق - مُزیّن -
اَرَک - وہ قلعہ جو دوسرے قلعہ مین ہو -
اَرکَاوُت - آب شناس - رہنماے جہاز -
اَرکِ تیرِ یُوسف خیمہ کی کمان - شرا ئغل آنچ
اُرکَلِیک - کبکِ دری - (دیہقانی لہجہ)
اَرگ - ارغنون -
اَرگَلی - جنگلی بکری -
اَرگِیلہ - قلیان - حقہ -
اِرِشِید - خشت - اینٹ -
اُرُوپ - } یورپ - فرنگستان -
اُورُوپہ - }
اُرُوپائی - یورپ سے منسوب -
اُرُوسِی - یورپی سلیپر یعنی (جوتا)
اُرُوسی سَاز - جوتے بنانے والا -
اَرسُون - موٹا کپڑا - لوہے کا سیل -
اَرُوند - دجلہ جو ایک دریا ہے -
اُرِیب - وتری - قطری -
اَز اَن رُوے - اسلیے - اس سبب سے - اسوجہ سے -
اَز پَا دَر آوُردن - شکست دینا -

از تُوش در آمدن - آدمی کے ہنر یا بے
ہنری کا ظاہر ہونا -
از خود در رفتن - خود بین - خفیف باتو نپر راضی
از راہ بیرون شدن - راستہ بھولنا -
از کسی رُوگردان شدن - کسی سے
ترک ملاقات کرنا -
از گرو بیرون آوردن - رہن سے چھڑانا -
از ہر جوُر - ہر طرح سے - ہر طور سے - ہر نوع سے -
ہر قسم سے -
اَسبَاب - کل - مشین -
اَسبَاب بادی - پون چکی یعنی وہ چکی جو
ہوا کی طاقت سے چلے -
اَسبَاب بُخار - دُخانی کل -
اَسبَاب خرازی - بساطی -
اَسبَاب دِرَو گری - کھیت اور گھاس
وغیرہ کاٹنے کے اوزار -
اَسبَاب طَرَب - گانے بجانیکا سامان -
اَسبَاب نور دمانید - کسی کل یا چرخ کا بیلن -
اِسپَار سَال - دس ارب - ہزار کروڑ -
اِسپَانی - اسپینی لوگ -
اَسپ اِیلخی - وہ بچھڑا جو گھر مین پیدا ہوا ہو -

اَسپ دَوانی - گھڑ دوڑ۔
اَسپِ دَواندنی - اسپ شرط - بازی کا گھوڑا
اَسپِ صَباحُ الخیر - شاہ ایران کے ایک مشہور گھوڑے کا نام۔
اَسپِ مَقوائی - کاغذ کا گھوڑا۔
اَسپِ کم نفس - شیر دم گھوڑا۔
اِستاتو - (مفرس اسٹیاچو) مجسمہ۔
اُستاد - حمام کا مہتمم یا مالک۔
اِستاسیَہ -
اِستاسیون - } ریلوے اسٹیشن۔
اُستاق - جیل۔
اِستبداد مطلق العنانی - خود مختاری۔
اِستحقاق - قابلیت - لیاقت۔
اُستخوانِ درد - وجع مفاصل - گھٹیا۔
اُستخوانِ زورقی - ٹخنے کی ہڈی۔
اِستراحت گاہ - گورستان - قبرستان۔
اِستعراض - جائزہ لینا۔
اِستعمار - نو آبادی قائم کرنا۔
اِستقالت - استعفاد دینا۔
اِستقراضِ دولتی - قرض سرکاری گورنمنٹ لون
اِستقلال - آزادی۔

اِستکان - پیالی - فنجان۔
اِستمارہ - سرکاری کاغذ یا سند۔
اِستمرار - باقاعدہ۔
اِستنارتِ فکر - روشن خیالی۔
اِستنطاق - بازپرس - جواب دعویٰ - کورٹ آف انکوئری۔
اِستنطاق شہود - سوالات جرح۔
اِستہلاک - قرض کا وصول نہ ہوتا۔
اِستیلاء - فتح حاصل کرنا۔
اِستیناف - اعلیٰ عدالت میں دادرسی کا خواہاں ہونا - مرافعہ۔
اِستینافِ اصلی - عام یا متقرہ مرافعہ - معمولی اپیل۔
اِستینافِ فرعی - مرافعہ متخالف۔
اِستیسن - یا - اِستاسیون - ریلوے اسٹیشن
اِسقاط - مٹی کا ٹا - کمیشن۔
اُسقف - بشپ - بڑا پادری۔
اِسکت - خاموش - چپ رہو - رام یا آرام کلم مترادف علماء کی زبان ہے۔
اِسکلہ - (مفرس دسکیالیر) ایک قسم کا محراب دار پایہ۔
اِسکلہ - بندرگاہ - جہاز کی حفاظت گاہ - پنگھا گھاٹ

پل - جہاز پر سامان چڑھانے یا اوس سے اتارنے کا مقام
اَسکلہ رَئیسی - بندرگاہ کا افسر۔
اِسکملہ - چھوٹی میز - اسٹول -
اَسکمناس - فلزات کے اوزان تناسب معلوم کرنے کا آلہ -
اِسکناس - نوٹ - بینک کا نوٹ -
اِسم عَلَمی - تخلص -
اِشارات - سگنل -
اُشتُر مُرغ - بوگا - ٹھنگنا -
اُشبُل - مچھلی کے انڈے -
اِشتباہ - غلطی -
اِشتباہ بدکردن - سخت یا فاش غلطی کرنا -
اِشتباہ کتابت - سہو قلم -
اِشتباہاً - بلا ارادہ - نادانستہ -
اِشتراک - اخبار کا چندہ یا قیمت -
اَشتوب - کتان - سن -
اَشخاص غیر مسئول - غیر ذمہ دار اشخاص -
اَشخال - کئی آدمیوں کا ایک حال میں کھانا کھانا -
اَشغال - اَشقال یا اَشخال - کوڑا کرکٹ خس و خاشاک
اَشغالِ عمومیہ - پبلک ورکس - رفاہ عام کے کام

اَشغالِ نافِعہ - امور تعمیرات عامہ و صفائی
اَشکالِ دُوربِیْنا - پردوں پر کی تصویریں -
اَشکالِ شکار - شکارگاہ کا نقشہ -
اَشک کباب - بھوننے کے وقت چربی کا پگھلنا -
اَشکنہ جھینی - روکھائی (بڑھی کی) -
اِصدار - اخبار یا رسالہ کا نکالنا -
اِصطلاحات مخصوصہ - کسی ہنر، علم، کار یا پیشے کے متعلق محاورات -
اَصناف - اشیاء - چیزیں -
اَصنافِ خلق - لوگوں کے مختلف احوال و مراتب -
اِضافہ پست - ڈاک کا زائد محصول -
اِضراب - مزدوروں کا کام چھوڑ دینا - ہڑتال -
اُطاق - خوابگاہ - سونے کا کمرہ -
اُطاق انتظار - ویٹنگ روم -
اُطاقِ بزرگ - خوابگاہ شاہی -
اُطاقِ پذیرائی - ملاقات کا کمرہ - گول کمرہ -
اُطاقِ خواب - خوابگاہ - شبستان -
اُطاقِ خلوت - پاخانہ -
اُطاقِ راحت یا اُطاقِ خواب - خوابگاہ - شبستان - سونے کا کمرہ
اُطاقِ رُوشوئی - ریل میں منہ دھونے کا کمرہ

اُطاقِ سُفرہ - کھانا کھانے کا کمرہ۔
اُطاقِ شام - شام کے کھانے کا کمرہ۔
اُطاقِ فوقانی - بالائی یا اوپر کا حجرہ۔
اُطاقِ گار - اسٹیشن کا کمرہ۔ ویٹنگ روم۔
اُطاقِ مشروبات - ریفرشمنٹ روم۔
اُطراق کردن - منزل کرنا ٹھہرنا۔
اُطرش - پہرہ۔
اُطریش - آسٹریا۔
اَطفالِ بحری - جہاز رانی کے طلبہ۔
اِطلاع دہ - رپورٹر۔
اَطلس۔ اَٹلس - نقشوں کا مجموعہ۔
اَطوار - تجویزیں۔
اِظہارِ تشخص - جلوہ فروشی - خودنمائی۔
اِظہار نامہ - سمن - طلب نامہ۔
اِعانۂ رایگان - انعام یا بخشش۔
اِعتصاب - سٹرائیک - ترکِ عمل - کام بند کردینا - ہڑتال۔
اعتضاد السلطنۃ - شاہ ایران کے چچا کا خطاب
اِعتیادی - معمولی - عادتی - مقررہ۔
اِعلانِ عمومی - پبلک نوٹس۔
اِغتشاش کردن - درہم برہم کرنا ہنگامہ کرنا۔
اُغر - سفر۔

اَغراض - اسباب - فرنیچر۔
اُغروق - ڈیرا خیمہ۔
اَغلبیت - کثرت رائے - مجارٹی۔
اِغما - اضمحلال - پژمردگی۔
اُغور باشد - تسلیم - سلام۔
اُفّ (بر تو) لاحول ولاقوۃ - توبہ توبہ کلمۂ تنفر
افادات - تعلیم - آموزش
اِفادۂ رسمیہ - سرکاری اطلاع۔
اُفتادہ - کاسد - ماندہ (تجارت وغیرہ کی صفت ہے)
اَفریک - افریقہ۔
اَفزار - ہر قسم کے ہنر کا آلہ۔
اَفزارِ جنگ - آلۂ حرب۔
اَفسار - باگ ڈور۔
افلاطونی بہ خرج دادن - اظہارِ علم یا لیاقت کرنا۔
اَفوکاتو - وکیل - بیرسٹر - مختار۔
اَفی قفونہ - جوہرِ تی - اپی کونا۔
اِقالہ - برطرفی - موقوفی۔
اِقتراح - ووٹ - تحریک - اقتراع۔
اِقدامی جنگ - دفاعی جنگ کی ضد۔
وہ لڑائی جس میں غیر پر حملہ کیا جائے - جارحانہ لڑائی۔

اُقطاع - جاگیر -
اِقفال - مدرسہ یا کارخانہ کو بند کر دینا -
اَقوالِ اراجیف - ہوائی خبریں - اُڑتی سی خبریں -
اَکاریُوم - ماہی خانہ مچھلیوں کے پالنے کا جل گھر (اکویریم)
اَگاسِی - دہلیز -
اِکتِتَاب - چندہ - نام لکھوانا -
اَکٹ -
اَکڈ - } سوانگ تماشا نقل - ایکٹ -
اِکسپوزِیسیون - نمائش گاہ -
اِکلوز - سٹار - اٹکاؤ -
اِکوسی - اسکاٹلینڈ کا باشندہ -
اَکول - مکتب - سکول -
اَکول دکادہ - شاہزادوں کے تعلیم پانیکا مدرسہ -
اِگِل نواز - عقاب سیاہ - سلطنت پرشیا کا نشان -
اَلاچیق - مٹی کی جھونپڑی - ٹاٹ وغیرہ کا خیمہ -
خانہ بدوش اقوام کا عارضی مسکن -
اَلاغ - خچر -
اَلاغ بارکش - سواری کا گدھے -
اَلامَی - فوج لشکر -
اَلایاتِ شاہ - شاہی پلٹن - پیدل فوج -
اَلبوم - البم - عکسی تصویریں رکھنے کی کتاب -

اِلتِزام - مچلکہ - ذمہ داری - جوابدہی -
اِلتفات فرمودہ - ازراہ مہربانی کرے -
اَلتِی ماتم - الٹی میٹم - آخری پیام - تجویز شرط -
اَلجبر - علم جبر و مقابلہ -
اَلجزائر - الجیریا - شمالی افریقہ کا ایک ملک
اور اوس کا پایہ تخت -
اَلدِنگ - ناہنجار - ناتراشیدہ -
اَلف متر - کیلومٹر - ایک فرنچ پیمانہ -
اَلَک - بالون - تارون یا کپڑے کی چھلنی -
اِلکترون - جوہر فرد - عنصر کا ذرّہ -
اِلکتریسیتہ - برق - کاہ ربا -
اَلکچی - غربال فروش - غربال ساز -
اَلکہ - سرداری -
اَلمان - ترکمانی - دہاوا - تراکمہ کا حملہ -
اَلو - شعلہ -
اَلواصل - رسید قبض الوصول -
اَلواط - (لوط کی جمع) بدذات - پاجی - مغلم
اَلوس - خاندان - قوم - قبیلہ
آم - آم - انبہ -
اِمالہ - پچکاری - عمل - سیرنج -
اِمام زادہ - امام کی قبر - عمارات وغیرہ

اَمَانت - پاکٹ - پارسل -
اِمپراطرِیس - شاہنشاہ بیگم روس یا آسٹریا کی
اِمپراطور - روس کا امپرر (شہنشاہ)
اِمپراطورہ - شہنشاہ بیگم -
اِمپراطیِس - روس کی شہنشاہ بیگم -
اِمپریال - شاہی - پادشاہی -
اِمتلاک - قبضہ کرنا -
اِمتیاز - پےٹنٹ - سند سرکاری جس سے موجد کو
کچھ عرصہ کیواسطے حق مطلق دیا جاتا ہے
تمغہ - میڈل - اجارہ ٹھیکہ -
اَمراض متناسلہ - موروثی بیماریان -
اُمرا و خوانین - شرفا - مزارعین - تجار اور
فوجی افسرون سے مراد ہے -
اُمرائے درخانہ - وہ لوگ جنکے پاس جائداد اراضی
اَمرود - گدری (نیم پختہ) ناشپاتی -
اِمساک - مرض قبض -
اِمضا - تصدیق - منظوری -
اِمضا شدہ - دستخطی - مشترحہ -
اِمضا کردن - دستخط کرنا - منظور کرنا -
اِمضا نا یافتہ - غیر مستقل ملازمت -
اِمضا یافتہ - منظورہ - مصدقہ -

اُمنائے درخانہ - دولتمند تجار
اَموال محرزہ - حق مع القبضہ کسی جائداد کا
حقوق مضمونہ - استحقاق جس پر قبضہ کیا
جا سکتا ہو -
اَموال مقررہ - نقد محصول جو رعایا سے لیا جائے -
اُمور پولیٹیک - علم سیاست سلطنت کے کاروبار -
اَمیرال - یہ اڈمائرال کا مفرس ہے - امیر البحر کا بگڑا
ہوا ہے - اخباری زبان میں فصحائے
ایران دریا بگی کہتے ہین -
امیر آلائے - انسپکٹر جنرل -
امیر الامرائی - کرنلی -
امیر الامرائے عساکر ضبطیہ پولیس کا سپرنٹنڈنٹ
امیر اللوا - بریگیڈیر جنرل -
امیر پنج - جنرل - (گویا پانچ ہزار کا افسر ہے)
امیر تومان - فوج کا جنرل -
امیر نظام - فوج کا کمانڈر -
امین السجلات - محافظ دفتر
امین السر - سکرٹری معتمد -
امین حضور - لارڈ چیمبرلین - داروغہ دربار -
امین خلوت - لارڈ چیمبرلین - میر ترک -
امین لشکر - فوج کا بخشی - جنرل پے ماسٹر -

انبار - بندرگاہ - مرسلی
انبار قلعہ - میگزین - گودام -
انبوہ ریش - گھنی داڑھی والا
انتحار - خودکشی -
انتشار - علم یا رسالہ کا شائع ہونا -
انتہاک المحارم - پاک چیزون کی بیقدری
انتیک خانہ - دار الآثار -
انتیکہ - دست کاری زمانہ قدیم - فرنچ
سے مفرس ہوا ہے اناس ایران اسکو
عمدہ نفیس کے موقع پر استعمال کرتے ہین
انجوبہ - عجیب وغریب - عجائب المخلوقات
انجرہ - بچھو کا درخت -
انجمن استشاری - وہ کمیٹی جس مین مشورہ کیا جائے
انجمن دولتی - ریاستون کی سیاسی کانفرس
انجیر خور - ایک قسم کا بلبل -
انجیلی - پروٹسٹنٹ -
انحلال - کسی کمپنی یا کارخانہ کا ٹوٹ جانا -
اند - بمعنی چند -
انداختن - توپ یا بندوق چلانا -
اندو - وہ ڈھالیہ جو مکان کے سامنے بارش کی
روک تھام کیلئے بنایا جائے -

اندود - گلاوا -
انستیتو - انسٹیٹیوٹ کا مفرس مجلس علمی -
انشا کردن - بنانا یا تعمیر کرنا -
انعام - (محاورہ حال مین بالفتح کہتے ہین) عطیہ
الف خراب - دیوانہ - باولا -
الف خراب شدن خیدہ دماغ ہونا - دیوانہ ہونا
الفار الصنف - سپاہی اور نایک -
انفجار گلولہ - گولے کا پھٹنا -
انفیہ - ناس -
انفیہ دان - ناسدانی -
انگلیش - انگریز -
انگارہ توپ - ناتمام توپ - توپ کا ڈھانچ -
انگارہ گرفتن - اندازہ گرفتن - پیمانہ لینا -
انگشت مبرک - گھوان - (نام کرم)
انگلترا - انگلستان -
انگم - مسوڑا -
انگیزہ - موجب - سبب - باعث -
انوالیدہ - (ان ویلڈ کا مفرس) ناکارہ سپاہیونکی فوج
انورس - انٹورپ جو بلجیم کا ایک شہر ہے -
آو - پانی -
آوبار - اوباریدن اور اوباردن ہے جسکی معنی نگلنا
اوباریدن -
اوباردن - } بغیر چبائے کے نگلنا -

اَوبَشتن - نگلن - قطع کرنا - قلم کرنا - کسی چیز کو
دانتوں سے توڑنا یا چھیلنا - اور کہانا
جس کو (کلاشیدن) بھی کہتے ہیں -
کسی چیز کو چاٹنا تاکہ وہ پاک ہو جائے -
بند بند جدا کرنا - ویران کرنا - تباہ کرنا

اُوبہ - خانہ بدوشوں کے رہنے کی جگہہ

اُوبلیسک - منار -

اُوپرا و بالہ - راگ اور ناچ - رقص و سرود -

اُوتومُوبیل - خودرو انجن -

اُوجاق - آتش دان -

اُوچ - تین - ۳ (از ترکی)

اُوچ خلیفہ - ارمن عیسائیوں کا کلیسا -

اَودِر - چچا - عم -

اَودَرزِہ - پھوپھی - باپ کی بہن -

اُودنلس - سوڈا واٹر -

اُودَہ - کمرہ - حجرہ -

اُورانگ اُوتانگ - ایک قسم کا بندر -

اُورچین - سیڑھی - نردبان -

اُوردُو - فوج - لشکر -

اَوزَرَک - ایک جھولا جو کبھی اوپر اور کبھی نیچے ہوتا ہے

اوروب تراشیدن - کپڑے کو ترچھا قطع کرنا

اُوریب یا اُوروُب - منحرف - ترچھا -

اُورِیل - اپریل کا مہینہ - عیسائیوں کا چوتھا مہینہ

اُوزَر - سفر -

اُوسی - ایک لکڑی کا آلہ جس سے گھاس وغیرہ
جمع کرتے ہیں -

اُوستا - کسی فن کا ماہر - واقف فن -

اُوضاع - زندگی - گھر بار -

اُوزاعِ زندگی - فرنیچر - اسباب خانہ داری -

اُوتاق - کمرہ - حجرہ -

اُوغور - بخیر - خیر تو ہے -

اُوق - تیر -

اُوکہ - آب و ہوا -

اُولنگ - چراگاہ - مرغزار -

اُولَہ - چھالا (عوام کی زبان ہے)

اُولیائے سن ژرام - سینٹ جیمس کلیسا سے والی

اُومنی بوس - بڑی بگی -

اُون - وہ - اس -

اُونی ورستی - یونی ورسٹی -

اُونی ورسیتہ - بیت العلوم -

اُویمق - سنگ تراشی - نقاشی -

اُوئی - اے - او -

اوئی ممتد - لمبی آواز - لمبی آہ -

آہرم - لکڑی یا لوہے کی سلاخ جس سے چور بند دروازے کھولتے ہین -

آہل - مطیع - فرمان بردار -

اہل استعداد - فاضل و عالم شخص -

اہل انزوا - گوشہ نشین لوگ -

اہل آواز - گانیوالا جسکا پیشہ نہو بلکہ تفنن کے طور پر گاتا ہو -

اہلیت تصرف - قانونی قابلیت و اختیار -

اہل خبرہ - اشیا کی قیمتون کے جانچنے مین ماہر

اہل رجوع - گاہک -

اہل سواد - اہل قلم یعنی لکھے پڑھے ہوے لوگ -

اہل سیاسی - مدبرین -

اہل ظلمہ - ملا لوگ مقتدر حکام کو کہتے ہین

اہل نظام - فوجی افسر یا آدمی -

اہلی کردن - ہلا لینا - ارام کر لینا -

اہمیت دارد - نہایت ضروری - ارجنٹ -

آیار -
آوار - } بمعنی آوارجہ - علم حساب

آیار ورد - (ایارہ گیر) محاسب مستوفی

آیارہ گیر - محاسب - مستوفی -

ایاغ چی - ساقی

ایام بارندگی - موسم بارش

ایام فترت - وہ عرصہ جسمین کسی وجہ سے تخت خالی رہے

اے بابام - اے میرے آقا -

اے بچہ ہا - کوئی ہے -

اے پسر دلہ - اے بدمعاش - امردک (پاجی)

ایراد - آمدنی -

ایرادات - رقوم وظایف -

ایراد شخصی - کسی شخص کی نسبت ریمارک -

ایروانی - ایران کا رہنے والا -

ایزارہ - کاہش - اجارہ - کنگنا - دیوار کا کنارہ -

ایست - امر ایستادن کا یعنی کھڑا ہوجانا - نیز بمعنی توقف و قیام -

ایستادگی - پائداری -

ایست گاہ - ریلوے اسٹیشن -

ایستی کردہ - ذرا ٹھہر کر -

ایشیک آقاسی - چیمبرلین مہتمم خلوت گاہ شاہی

ایشیک آقاسی باشی - مراسم و آداب شاہی کا افسر - ماسٹر آف سیریمونی

ایل - خانہ بدوش یعنی وہ لوگ جو جنگلو مین رہتے ہون - مطیع - فرمانبردار

ایلغاری - جنگی پیش قدمی -

ایلچی کبیر - روم - روس - فرانس اور انگلستان کے سفیر -

ایلخ - گھوڑون کا رمنہ -

ایلخی - گھوڑون کا گلہ -

ایلیات - (جمع ایل) خانہ بدوش اقوام -

ایلغار - چڑہائی حملہ -

ایمان صحیح وسالم محفوظ - بے خطر -

ایمن آوردن - ایمان لانا -

آینہ - اے آئی ان (بٹہ پہجی کا خطاب)

ایوار - چار پہر دن ہے سفر کرنا واضح ہو کہ (شب گیر) آخر شب کے وقت سفر کرنے کو کہتے ہین -

ایوڈین - ایوڈائن کا نمرس -

باب باے عربی

بابا - ماںباپ چھوٹے بچون کو پکارتے ہین -

باباقوری - سنگ سلیانی -

بابامی - بابا سے بن - عوام کی زبان ہے - اجتناب لازم ہے

باباے بزرگ - دادا - جد -

باب عسکریہ - سلطنت عثمانیہ کے وزیر جنگ کا دربار

بابنیہ - توانا جست وچالاک -

باپوج - سلیپر -

بات (فوجی محاورہ) لیٹ جاؤ -

باتالیون - بلیٹن -

باتعارف - خلیق -

باتلاق - دلدل - ریگڑ -

باتوتوجیا - بیتھالوجی - علم ترکیب الادویہ -

باجہ - دو دش -

باجی - بہن ہمشیر - خواہر - بیوی - لیڈی -

باختر - (مخفف باختر) مشرق -

باخرہ - دخانی جہاز -

باد - بیڈن ملک کا نام -

باد افراہ - بدی کی سزا - بدی کا بدلہ -

بادبادک - پتنگ -

بادخرک - ابابیل -

بادخیز - طوفان بادی -

بادرہ - بے تامل بات کہنا - فی البدیہہ کہنا -

بادشاہ علی الاطلاق - خودمختار یا مطلق العنان بادشاہ

بادفراہ - گناہ کی سزا -

بادمفاصل - گٹھیا کی بیماری -

بادنجان دورقاب - خوش آمدی -

بادنجان فرنگی - (ٹماٹو) ایک قسم کا سیب -

بادمو - موٹا - نقاخ -

بادوِلم - بادشرط - بادمراد - بادموافق -

بارامون - عیسائی عید سے ایک روز پہلے کا دن

بارانداز - لنگرگاہ -

باران طلبنگ - ایک قسم کی چڑیا -

بارآوردن - پرورش کرنا - تربیت کرنا -

باران باز - وہ ملک جس میں بارش زیادہ ہوتی ہے -

بار بند }
بارہ بند } پائیگاہ - گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ -
بہار بند }

بار خانہ - گھر کا سامان - اسباب زندگی -

بارشمہ - صلح - مصالحت -

بارش - مال گاڑی ریل کی ؟

بارگی - اسپ خوش رفتار - بوجھ اوٹھانیوالا گھوڑا -

بارگیر - بوجھ لادنے کا چوپایہ -

بارگیری - بوجھ باندھنا -

بارندگی - بارش - برسنا -

بارو - فصیل - شہر پناہ -

بارونبہ - سامان سفر - اسباب سفر -

باروحی - خوش خرا -

بارومیتر - آلہ معیار الہوا -

بارون - بیرن ممالک کے [illegible] کا ایک خطاب

بارہ - قلعہ - برج - اسپ خوش رفتار -

بارہ کشا - یعنی کشورکشا - ملک کو فتح کرنے والا -

بارہ کشائی - یعنی کشورستانی - ملک گیری -

بارہ کوب - وہ چیز جس سے دیوار قلعہ یا قلعہ کو گرائیں جیسے توپ وغیرہ -

باری - بہر حال -

باریز - پیرس دار السلطنت فرانس -

باریک شدن - مشکل ہونا -

باریکہ - وہ راستہ جسکے دو رویہ جھرے ہون - خاکنائے -

باژ - باج - خراج -

بازار حدوث - مجازاً دنیا -

بازار عام - میلا -

بازار عمومی - نمائش گاہ -

بازپورٹ - پاسپورٹ - پروانہ -

بازگونہ - }
باشگونہ - } یعنی واژگونہ - عکس و انقلاب

بازماندہ - عاجز - باقی تتمہ -

بازوری - ایک نخوار پرند -

بازی تقلیدی - سوانگ -

بازی مختدہ - سوانگ -

بازیگر - ایکٹر - ناٹک میں پارٹ کرنیوالا -

بازیگر زن - ایکٹرس یعنی تماشا کرنیوالی عورت

بازی گوش - شریر - بدذات

بازی لیکی - بارگاہ سلطانی - مفرس بیسیلک

بازی نی نش - کھیل سوانگ -

بازی موش - شریر - بذات -

باستیان - برج انگریزی بست ین کا مفرس ہے

باس جنگلی - فارسٹر - داروغہ جنگلات -

باسلیقہ - عمدہ مذاق والا -

باشلیک
بیشلیک } خواب گاہ سلطانی -

باشش
باشی } افسر - صدر چیف - عہدہ دار -

باشش - سنو - ہان - ایلو حرف تنبیہ -

باش آچق - سر برہنہ - ایک قوم کا نام -

باش جگلی - باز جو ایک پرندہ ہے -

باخند - کافی بس -

باش شاویش - سارجنٹ میجر -

باش قنات - وہ پرندہ جو شکرے کے پنجہ مین بطور طعمہ دیا جاتا ہے -

باش کاتب - میر منشی -

باشلق - جبہ - کنٹوپ - اوڑھنی -

باش مہندس - چیف انجنیر -

باشنہ بریدہ - ڈاکو - رہزن -

باصمہ - چھاپنا - مُہر کرنا -

باطالیون - پلٹن - بٹالین کا مفرس ہے -

باطری - توپخانہ - بیاٹری -

باطلاق - کیچڑ یا دلدل کی زمین -

باغ - وہ خانہ باغ یا مکان جو شہر سے دور واقع ہو

باغ سبزہ کاری - باغ نباتات جس مین ہر قسم کی ترکاریان بوئی جاتی ہین -

باغ زمستانی - وہ باغ جس مین سرما کی پالازدگی سے درختون کو بچانیکا انتظام کیا جائے

باغ سرپوشیدہ - ایسا باغ جسکے اوپر سایہ کیا گیا ہو تا درختون کو سردی نہ ستائے اکثر شیشے کی چھت بنائی جاتی ہے

باغ گلکاری - فلوریکل گارڈن یعنی وہ باغ جس مین پھولون کے درخت ہون

باغ مثمری - فروٹ گارڈن میوے کے درختون کا باغ

باغ نباتات - بوٹیون یا ترکاریون کا باغ -

باغ وحش - باغ حیوانات - زولوجیکل گارڈن

باف - ٹوکرے بنانے والا -

بافتہ - نوار - فور - فیتہ -

بَافہ - (غلہ کا) پولا - بال -
باقرقرہ - جھیل - جوہڑ -
باقلہ خوردن - احمق بنجانا - بیوقوف ہو جانا -
بَاکلہ - منہ کے بل -
باکمالِ تغیّر - بڑے غصہ میں
باکمالِ بنیہ - مضبوط جسم والا - اچھی کاٹھی والا
بَال - رقص -
بالا اجاقی - آتش دان کا اوپری کام -
بالابان - فوجی بڑا ڈھول - بینڈ کا نقارہ -
بالاپوش - لحاف - رضائی -
بالاقوتی - نام ایک خوردنی نبات کا -
بالاکردن - کھولنا -
بالان - چوکھٹ
بالیاقی - خرگوش کے شکار کا کتّا -
بالتو - اوورکوٹ -
بالتیق - دریائے بالٹیک -
بالشتک - پن کھونسنے کی چھوٹی گدی -
بالشِ سوزن - پن کشن -
بالکون - بالا خانہ - مہتابی -
بالِ ماہی - ویل مچھلی کا پر -
بالمرّہ - ہرگز - بالکل - تمام - مطلقاً - کلّاً -

بالنگ - لمبی ککڑی -
بالو - محفل رقص -
بالو - گیند - بال
بالون - غبارہ -
بالہ - سوداگری کپڑے کا گٹھڑ - عطر کی شیشی -
بالیوز - کانسل جنرل - مدیران اخبار
بامی - شہر بلخ کا لقب -
بانک - بینک - صرافہ -
بانگ برقدم زدن - جلد جلد چلنا -
بانگِ خروس پا شدن - گجر دم (علی الصباح) اوٹھنا -
باناموس - ایمان دار - متدین -
بانن - موز - کیلا -
بانہم - انگوٹھا -
بائر - بے آب و گیاہ - غیر مزروعہ -
ببر - شیر -
بپا - (محاورہ) ہوشیار رہو - سنبھلو -
بتری یا بطری - بوتل -
بتج شدن - پچک جانا -
بچم - یعنی بچہ ہمن -
بچہ گردان - دایہ - کھلائی -

بچہ مچہ۔ (تابع) یعنی لڑکا وڑکا۔
بچۂ نازنازو۔ اللہ آمین کا بچہ۔ عیش و عشرت کا پلا ہوا لڑکا۔
بچہ ہا۔ کوئی ہے۔
بحارت۔ فن جہاز رانی۔ فن جنگ دریائی۔
بحر قرہ۔ بحر اسود۔ بلاک سی۔
بحر مازمارہ۔ مارمورہ سمندر۔
بحریہ۔ سررشتہ جہاز رانی۔
بحریہ ناظری۔ وزیر بحر۔
بخاری عمارت۔ آتش خانہ۔
بختک۔ کابوس خواب مین ڈراونی شکل
بخچو۔ گاچی۔ مزید۔ زنجیر
بخوچی۔ پنڈلی۔
بخچو }
بخولو } گھوڑے کا پیر۔ گاچی۔
بداوت۔ غیر شایستگی۔ بے تمدنی۔
بدبدہ۔ نادہندہ۔
بدترکیب۔ بدشکل۔
بدرت۔ پوڈر۔ سفوف۔
بدرغہ۔ راستون کا نگہبان۔ وہ لوگ جو نگہبانی کیلئے ہمراہ ہون۔ بدرقہ۔
بدرقہ کردن۔ مشایعت کرنا۔
بدرون۔ باولی۔ تہ خانہ۔
بدست باش۔ خوش باش یعنی خوش رہو۔
بدقوارہ۔ بے ڈھنگا۔ بدزیب۔
بدکلاہ۔ شکرون کا کنٹوپ۔
بدگل۔ بدصورت۔
بدگیر افتادن۔ بری طرح پھنسنا۔
بدل الاشتراک۔ خریداری اخبار و رسالہ کی قیمت
بدن عمارت۔ عمارت کی ترکیب یا ساخت
بدن نما۔ آئینہ
بدنہ شہر۔ فصیل شہر پناہ۔
بدنہ کوہ۔ پہاڑ کا جسم
بدہ۔ قرض۔ وام۔
بدہ کارہ۔ مقروض۔
بدیل۔ اخبار و رسالہ کا خریدار۔
براٹ۔ (دراصل براءت) ہنڈی۔ دستاویز
برات لیٹ۔ منی آرڈر۔
برات چی۔ ہنڈی والا۔
براد۔ چار دات۔
برادر کطبی۔ اخیافی بھائی۔
برادر جمبلی۔ جڑوان یا توام بھائی۔

بَرادَرَم - بمعنی برادرمن یعنی میرا بھائی
بَرازَندہ - شان دار سجیلا -
براگید یلیہ - فوجی افسر - برگیڈیر -
برآمدگی - چھوٹا ٹیکرا جسکے نیچے چشمہ جاری ہو -
بَربریت - وحشیانہ بے رحمی -
بَرتلہ - پیشکش - تحفہ - ہدیہ -
بَرتیل - رشوت -
بَرتہیدن - خاک پر گر پڑنا - سرنگون ہونا - عمارت کا ویران ہونا - گرنا - نیز بمعنی زیر و زبر ویران پائمال - خاک کے برابر کرنا جگہ کا -
بُرجِ کفتر - کابک
بَرجل - پرکار - کمپس -
بَرجستہ - اُبھروان -
بُرجِ سیتہ - شہر کا برج -
بَرچیدہ - اوٹھایا ہوا - موقوف کیا ہوا -
بَرچیدن - بند کرنا -
بَردست - شطرنجی کے کارخانہ میں کام کرنیوالا
بُرز - یال - شکوہ - زور - توانائی -
بَرزخ - خاکنا سے -
بُرشام - نان مقدس - وہ روٹی جسکو رومن کیتھولک حضرت مسیح کا بدن سمجھکر ایک خاص مقصد سے کھاتے ہیں

بُرشِ فرنساوی - فرانسیسی قطع -
برضد - برخلاف اسکے -
بُرغوث - چاندی کا سکہ -
برف و بُرون - طوفان جس میں پالا گرے -
بَرفیر - ارغوانی رنگ -
بَرق رُبا - برق پہنچانیوالا - لیٹ ننگ کانڈکٹر
بُرقیہ - ٹیلیگرام تار -
برگِ تمباک - تمباکو کا پتّا -
برگردن - اولٹ پھر جانا -
برگند - رشوت -
برلیان - روشن جگمگاتا ہوا - تابان - انگریزی (بری لی انٹ) کا مفرس -
برمہ - پولا -
برمیل - پیپہ -
بَرنجق - ریشمی کپڑا -
برنز - پیتل - برنج -
برنیطہ - ہیٹ - انگریزی ٹوپی -
برُوف - پروف -
برو جرام - پروگرام کا مفرس -
برُوجی - بگل بجانے والا -
برودت - ناراضی -

بِلثیت - بلٹی ٹکٹ - سند۔

بَلَد - راہ نما - راہبر پیش رو۔

بَلَدِ راہ - راہ شناس - راہبر

بَلدرچین - بٹیر - لوا۔

بلژیک - } یورپ کا ایک چھوٹا ملک۔
بلجیک - }

بُلغار - خوشبودار چمڑا۔

بُلغُور - تعجب۔

بُلغُور - موٹا آٹا۔

بَل گرُود - بلگریڈ شہر کا نام۔

بلکہ - شاید۔

بلگفتہ - رشوت۔

بلکہ - } مال۔
برگہ - }

بُلُور - بلّور۔

بلورِ بے جیوہ - بے قلعی کا آئینہ۔

بُلُوک - ملک کا ایک حصہ ضلع - تعلقہ - پیدل کمپنی۔

بُلُوک گردی - دورہ - سفر۔

بُلُوکات - پرگنے۔

بلوک آمین - کوارٹر ماسٹر سارجنٹ۔

بُلوک گردی کردن - دورہ کرنا۔

بُلوک مزدوج - ڈبل کمپنی۔

بلیت - ریل کا ٹکٹ۔

بلیت خانہ - بکنگ آفس۔

بلیتِ رعایتی - کنسیشن ٹکٹ - رعایتی ٹکٹ (ریل وے وغیرہ کا)

بلیتی - ٹکٹ - سند - بلٹی۔

بلیرد بازی - انٹے کا کھیل۔

بَلیوز - کانسل - ایلچی۔

بمباران نمودن - گولہ باری کرنا۔

بمبو - پمپ - بمبا۔

بنا شدن - شروع ہونا - مقرر ہونا۔

بنانہ - موز۔

بنّا - مکان بنانیوالا - معمار۔

بنائے داشتن - ارادہ رکھنا۔

بنائے طوفان شدن - طوفان کی علامتیں ظاہر ہونا۔

بنائی کردن - مکان تعمیر کرنا۔

بُنباشی - یاور - میجر۔

بُن بود - منبع - معدن - مصدر - کسی چیز کے پیدا ہونے کا مقام۔

بِنتُ الجبَل - گونج -
بُنجاق - قبالہ -
بندِ انگشت - انچ -
بند باز - نٹوا - بازی گر - رسی پر ناچنے والا -
بندرگاہِ آزاد - وہ بندرگاہ جہاں بغیر محصول کے مال چڑھتا اترتا ہو -
بندِ زیر جامہ - ازار بند -
بندش - بنیاد - پایہ تمہید -
بندق - سپاری - اخروٹ - بادام وغیرہ
بندِ کفش - جوتی کی ڈوری -
بند گند دان - ترچھ بند - ٹیپ -
بند ور - منتظر - امیدوار
بندوقیہ - رفیل -
بندہ منزل - گھر (متکلم انکسارا اپنے گھر کو کہتا ہے)
بنژاد - شجرہ خاندان - نسب نامہ -
بنطلون - پتلون -
بنکِ دی روما - (ف) اٹالیہ کا بنک
بنکِ لوندرہ - لندن کا بنک -
بنک نوت - ہنڈی - انگلستان کا نوٹ -
بنگاہ - ترکانی جھونپڑی -
بُنگہ - سفری اسباب - بوریا - بدھنا - گٹھری - بقچہ -

بُنہ - اسباب - پڑاؤ - کیمپ -
بنی اسرائیل - بدمعاش - مشہور -
بنیان - تنگ کرتہ - زیر جامہ
بُنیہ - قوی - طبیعت -
بوب - فرش - بچھونا -
بوتہ یا بوتہ - جھاڑی -
بوتہ گون - بید کا درخت -
بوتہ گون صحرا - جھاڑی
بوتہ گل سرشک - ایک بہت خوش رنگ پھول کا درخت
بوج یا بوچ - کاگ - کارگ -
بوجی - چھوٹا گودی کا کتا -
بودینہ - بٹیر - لوا -
بوز - بھورے رنگ کی مٹی -
بوران - طوفان برف -
بورس - صراف خانہ - لین دین کی کوٹھی
بورہ زدن - بیل کا ڈکارنا -
بوری - بگل - ترم -
بوزہ - تھوتھنی -
بوطری - بوتل - شیشہ -
بوغاز - آب نائے -
بوغماق - طوق - مالا -

بُوف کردن - پھونکنا۔
بُوفہ - کھانے کا کمرہ۔
بُوق - بگل۔
بُوق خورہ - ایک قسم کا عقاب جو ہڈیاں اور پسلیاں کھاتا ہے
بُوقلمون - پیرو۔ فیل مرغ - مرغ روم (ٹرکی)
بُوکس - گھونسا مارنا - مکا مارنا
بُوکنان - ایلچی۔
بُولتین - خبر - سرگذشت - کیفیت۔
بُولو - آنکھ کی تپلی۔
بُولوارد - پاریس کی ایک لقریب سڑک۔
بُولوارہ - احاطہ محلہ - عمارت۔
بُولیفہ - ہنڈی - چک۔
بُومباردہ - توپ کے گولے مار کر مسمار کرنا۔
بُومی - دیسی - ملکی۔
بُونہ - پرائیویٹ کیمپ۔
بُویا - ہر وہ چیز جو بودار ہو - دانش۔
بُویہ - بم کا گولہ۔
بہ اجحاف گرفتن - استحصال بالجبر - زبردستی کچھ لینا
بہ امضائے شرع - جس کا عقد مجتہد کے توسط سے ہو جاتی ہے
بہ در و دیوار خوردن - (شراب یا بھنگ کا) چکرانا - گھومنا
بہ سلامتی کسے جام شراب خوردن - کسی کا جام صحت پینا

بہ سلانہ راہ رفتن - اکڑ کر چلنا - تبختر سے چلنا
بہ طنف کشیدن - شال وغیرہ سے پھانسی دینا۔
بہ طہران طلبیدن - موقوف کرنا - ڈسمس کرنا - برطرف کرنا۔
بہ گوش خواندن - بہت فضول گوئی کرنا۔
بہلہ - شکاریوں کا دستانہ۔
بہ لیما گفتن - رفتہ رفتہ دل نشین کرنا۔
بہ لیمو - لیمو اور بہی کا شربت۔
بہ مرافعہ رفتن - عدالت میں چارہ جوئی کرنا - مقدمہ کرنا - عدالت لڑنا۔
بہمن - انبار برف کا پہاڑ پر سے پھسلنا۔
بہ میدان رفتن - جنگ کے لیے جانا۔
بیات - نرم - ملائم
بیات شدن - گوشت کا سبک اور ہلکا ہو جانا۔
بیارہ - بیل (یائے مجہول)
بی بی - (بچہ اپنی ماں کو بی بی کہتا ہے) ماں۔
بی بی موتو - یا متو - طوطا۔
بے پا - جس کو ہستی سے تعلق نہ ہو - جو پائدار نہ ہو
بیت الحکمت - کروڑ گیری کا دفتر
بیت السلاح - مخزن آلات حرب - توشخانہ
بیت الماء - بیت الخلاء یعنی پاخانہ۔

بے تعارفی - بے تکلفی - گھر کا سا - ایک رنگی

بیتِ کتابت - (صحیح کتابت ہے) لکھوائی لکھنے کی اجرت

بیتوتہ - فوج کا پڑاؤ -

بیجک - بل - مطالبہ -

بیچہ - بیہودن -

بے چیزی - افلاس -

بیخِ دُم کسی سُسْت شُدن - بزدل ہونا -

بے خودی - بے وقوفی -

بید - پتنگا -

بیدق - مستول - (جہاز کا)

بے دل گرمی - جو ملنسار نہو -

بیدہ - خشک گھاس -

بیرون آوردن - تصویر اور نقش وغیرہ کا کھینچنا -

بے ریش - گنڈیا - کون مرانے والا -

بے ریش باز - لونڈے باز -

بیزق - پیادہ -

بے سررشتہ - ناواقف - نادان - بے تمیز -

بے سواد - غیر تعلیم یافتہ - ان پڑھ -

بے صورت کردن - زنا بالجبر کرنا - بے آبرو کرنا -

بے طاقتی کردن - } گھبرا جانا - تنگ جانا -
بے تابی کردن - }

بے طرف - غیر جانب دار -

بے طرفی - غیر جانب دار ہونا - نیوٹرلیٹی

بے عاری - سستی - کاہلی (اصلی معنی ہیں بے شرمی)

بیغن - اُلّو

بیک آب خوردن - فی الفور - برمحل -

بیگزاد - امیرزادہ -

بیگ زادہ - بزرگ زادہ -

بیگلربیگ - افسر - صدر -

بیگلربیگی - انسپکٹر -

بیگلربیگی شہر - سٹی سپرنٹنڈنٹ - کمشنر -

بیگم - (فصحا بیگم کہتے ہیں) سیانی - سید کی عورت

بے لزوم - غیر ضروری -

بیلژیک - بلجم جو یورپ کا ایک ملک ہے -

بے ملاحظۂ وقت - غیر پابند وقت ٹھیک وقت پر حاضر نہ ہونے والا -

بیمہ نامہ - انشورنس پالیسی -

بینہ یا جامہ کن - حمام خانہ کا وہ مقام جہاں کپڑے اوتارے جاتے ہیں -

بین النہرین - الجزیرہ - دجلہ فرات کا درمیانی ملک

بے نوا وار - ناکام - مایوسانہ -

بینی کوہ - پہاڑ کی باہر نکلی ہوئی چٹان -

بیتوتت کردن ۔ شب باش ہونا۔

بیوہ ۔ رنڈوہ۔

بیاطہ ۔ اوبلا ہوا گوشت۔

باب پاے فارسی

پاافراز ۔ وہ جوتا جس کی ایڑی جھکی ہوتی ہے۔

پاپ ۔ کلیساے روم کا لاٹ پادری پوپ۔

پابخار ۔ چقندر

پا بر زمین فشردن ۔ ثابت قدم رہنا۔

پا بماہ ۔ وہ عورت جس کا حمل نو مہینے کا ہو۔

پابوتین ۔ بگلا۔ پوتین۔

پاپا یا پاپ ۔ (پوپ) کلیساے رومن کیتھولک کا افسر

پاپوش ۔ پاؤں پونچھنے کا بوریا۔

پاپیچ ۔ پانوں کا موچ کہانا۔

پاپی شدن ۔ مصر ہونا۔

پاتابہ ۔ موزہ۔

پاتابہ کشودن ۔ کسی جگہ بیٹھنے کا ارادہ کرنا۔

پاتیل ۔ دیگچی۔ (دستہ دار)

پاجزالبدنہ ۔ کوٹھی معظم۔

پادشاہ چشم ۔ آنکھ کی پتلی

پادو ۔ حقہ اور کانی پلانے والا۔

پارادو ۔ (پریڈ کا مفرس) فوجی قواعد کی صف۔ قطار۔ پریڈ کا میدان۔

پارچہ ۔ صابون وغیرہ کی بٹی۔

پارسنگ ۔ جہاز کے قائم رکھنے کا بوجھ۔ پاسنگ

پارک ۔ (پارک) سبزہ زار۔ رمنہ۔

پارلیمان ۔ پارلیمنٹ کا مفرس

پارلیمنتو ۔ پارلیمنٹ کا مفرس مجلس شوریٰ۔

پارو ۔ چپو۔ کشتی چلانے کی ڈنڈی۔

پاروزن ۔ کشتی بان۔ کھینے والا۔

پارہ ۔ کچھ تو۔ ایک تو۔

پارہ ۔ بندوق کا چہرہ۔ رشوت۔

پاس پرت ۔ پاسپورٹ کا مفرس یعنی پروانہ راہداری

پاسنجر ۔ (ہندوستان کے مسافروں کی زبان ہے) مسافر

پاسوز ۔ شیفتہ۔ فریفتہ۔ بیقرار۔ عاشق زار۔

پاسیقی ۔ سرداری

پاشالک ۔ ایک قسم کا پرند جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے

پاشنہ ۔ بندوق کا کندا۔

پاشنہ خواب ۔ سلیپر جس کی ایڑی جھکی ہوتی ہے

پاشنہ کش ۔ جوتی چڑھانے کا آلہ۔

پاشو ۔ بمعنی بزخیر یعنی اوٹھو۔

پاصفحہ ۔ فٹ نوٹ۔

پَخش کَردَن ۔ پھیلانا تتر بتر کرنا۔
پَخمہ ۔ بدزیب۔ بدنما۔ بے ڈھنگا۔ بیہمت۔ مضمحل
پدرام ۔ خوش و خرم۔ مبارک۔ آراستہ۔ نیز یعنی جد یعنی دادا
پدرِ زن ۔ خسر۔ سسرا۔
پدر سوختہ ۔ (کلمۂ دشنام) حرام زادہ۔ مردک۔
پَر ۔ برگِ گل پھول کی پتی یا پنکھڑی۔
پَر ۔ چکّر۔ دَور۔ گردش۔
پِیرار سال ۔ دو سال قبل۔
پُر باد شُدَن ۔ مغرور ہونا۔
پَرپَر ۔ پھول کی دو پتیاں۔
پَرپَرَک ۔ پھیری۔ ایک کھلونا۔
پُر تُوش ۔ برآمدہ۔ مستعد۔ مشتعل۔
پُر پہنا کردن ۔ چوڑا کرنا۔
پَرَت ۔ اچھل کود۔ جست۔
پَرتاب کردن ۔ ضایع کرنا۔ برباد کرنا۔ کھونا۔
پَرتال کَردَن ۔ تراشنا۔ چھانٹنا۔
پَرتَستان ۔ پراٹسٹنٹ کا مفرس۔
پُرتغال ۔ ایک قسم کی عمدہ نارنگی۔ یورپ کا ایک ملک
پَرت شُدن ۔ گر پڑنا۔
پَرت کردن ۔ پھینکنا۔ گرا دینا۔
پَرت گاہ ۔ کراڑا (دریا کا)

پُر چِین ۔ کھونٹی۔ میخ۔
پُر حَرف ۔ باتونی۔ بکّی۔ فضول گو۔
پُر حَرف زَدن ۔ زیادہ گفتگو کرنا۔
پُر خُوردَن ۔ چکر کھانا۔ گھومنا۔
پُر دُم ۔ دُمچی۔
پُر دِماغ ۔ سرخوش۔ مسرور۔
پُر دَو ۔ تیز رفتار (جانور)
پُر رِشک و شِکَش ۔ جس کی بھوین پڑھ گئی
ہوں۔ شش و پنج۔
پُر رُوح ۔ جاندار۔ قوی۔ (گھوڑا)
پُرز ۔ چقماق۔
پُرز یا بُرز ۔ پشم یا روئی کا ریشہ۔ سُوف۔
پَرَستار ۔ نرس۔ دایہ۔ تیمار دار۔
پُرس و جوے ۔ تحقیقات۔
پُرس و سُوال ۔ جرح۔
پَرستیدنی تاشیون ۔ شعبدہ بازی۔ حقہ بازی
پُرشَات و شُوت ۔ بڑی اور جھگڑالو عورت۔
پُر فِیس ۔ متکبر۔ مغرور۔ مدمغ۔
پَرک ۔ (پارک کا مفرس) رمنا۔ شکار گاہ۔
پُر کردن ۔ حاملہ کرنا۔
پُر کوفت کردن ۔ کچلنا۔ جو کوب کرنا۔

پَرکھا ۔ شکارگاہین ۔ پرک انگریزی (پارک) کی جمع

پَرگار ۔ پرکار ۔

پَرلا ۔ مُرغابی ۔

پَرمازہ ۔ مچھلی کا پر ۔

پَرمال ۔ اُتارنے اور چڑہانے کا محصول ۔

پَرمرک ۔ پھرکی ۔

پُرمک ۔ زنگ ۔ پھپوندی ۔

پُرمک زدن ۔ خشک کردینا ۔ تباہ کردینا ۔

پَرندہ ۔ کیڑے مکوڑے جو اوڑتے ہین ۔

پَروتستانی ۔ انجیلی ۔

پُروغرام ۔ پروگرام ۔

پَرولہ ۔ ایک مخفی لفظ یا علامت جو پہرے والیکو بتلائی جاتی ہے تاکہ جو شخص اوس کو لے اوس فوج مین آنے دے ۔

پَرّہ ۔ چرخی کا کنگرہ ۔ پنکھا ۔

پَرپَرنی ۔ جلد تیتر یا اوڑجانے والا ۔

پَرپزاتے کردن ۔ مُعرّفی کرنا ۔

پَرزیدان ۔ پریزیڈنٹ کانفرس ۔ میر مجلس ۔

پُریواش حرف زدن ۔ بہت آہستہ گفتگو کرنا

پَرلوپرت ۔ کمرون والا مکان ۔ تخلیہ ۔

پُرّہ ۔ برف ۔

پَژواک ۔ وہ صدا جو پہاڑ یا آبر آئے ۔ گونج ۔

پَژودگان ۔ جاسوسان ۔

پَژہ ۔ آلۂ جنگ ۔ حربہ ۔

پَزیرائی ۔ استقبال ۔ پیش روی ۔

پَسا ۔ وہ جو دوسرے کے بعد آئے ۔ نیز بمعنی نوبت

پَساوَند ۔ } شعر کا قافیہ ۔
پَساوَند ۔ }

پَساہنگ ۔ گھوڑے کا نعل ۔

پَس پری شب ۔ چار شب کے پہلے ۔

پُست ۔ لیٹر پوسٹ ۔

پِستان بند ۔ چولی ۔ انگیا ۔

پِستانک ۔ بندوق کی نپل ۔

پَست پایہ ۔ نیچ خاندان کا ۔

پَست توٗے ۔ پائخانیکے پیچھے کا کمرہ ۔

پَست خندہ کردن ۔ آہستہ آہستہ ہنسنا ۔

پَستر فردا ۔ ترسون ۔

پَست نژاد ۔ کمینہ ۔ دون ۔

پَستو ۔ خانگی حجرہ جو بڑے کمرے مین ہوتا ہے ۔

پَس دادن ۔ اعادہ کرنا ۔ مکرر کہنا ۔

پِسَر ۔ ان پیا یا ۔ مہر دار کا ۔

پِسردائی ۔ ممیرا بھائی ۔

پس رو - عقب لشکر - بہیر وبنگاہ -
پسر عمہ - پھپیرا بھائی -
پسر کاکا - بڑے بھائی کا بیٹا (عوام کا محاورہ ہے)
پس گردنی - گدی مین مارنا - گردنی -
پسم - پیچھے - واپس - (پس من - میرے پیچھے)
پستہ خانہ - پوسٹ آفس -
پسین تنگ - قریب شام -
پشت - کوبی - مابون -
پشت - گاؤ تکیہ
پشت بام - کھلا ہوا بالاخانہ - اوپر کی منزل -
پشت دادن - تکیہ کرنا - آرام کرنا -
پشت سر - پیچھے -
پشت سر کی پاس پسکی - اوسلٹے پاؤن -
پشت سر کی رفتن - اوسلٹے پاؤن پھرنا -
پشت سر حرف زدن - غیبت کرنا - پیٹھ پیچھے بری کہنا
پشت قبض - } تحریر ظہری -
امضا -
پشتک - کلابازی کرنا - پاؤن کی تھپکی -
پشک - گربہ - بلی -
پشت گردنی - گردن یا گدی پر طمانچہ مارنا -
پشت ہم - پشتم - وہ گاڑی جس مین ایک گھوڑا
دوسرے کے پیچھے جوتا جاتا ہے -
پشتی - لواطت - اغلام
پشقاب - رکابی -
پشکل - مینگنی -
پشمک - ایک قسم کی مٹھائی جس کو حیدرآباد مین بڑھی کے بال کہتے ہین -
پشم کلاہ دانستن - عقل وفہم نہ رکھنا -
پشہ خاکی - گوہ کی مکھی جو بڑی ہوتی ہے -
پشہ دان - مچھر دان -
پشین - پیشگی - نقد -
پفک - سنار کی پھکنی -
پف کردن - پھونکنا -
پف کردہ - روٹھا ہوا - ناخوش
پف پوز - نیم حکیم - کٹھ بید -
پف پوزی - فخر - نمود - دکھلاوا -
پق خندیدن - قہقہہ مار کر ہنسنا -
پک - دم کش - (صحیح پف)
پکاندن - موتی وغیرہ کو دھاگے مین پرونا -
پکسمات - بسکٹ -
پکیدن - پھٹنا -
پل - پانچہ -

پلاس نشین ۔ خیمہ مین رہنے والا ۔

پلاتکا ۔ چوبی کنگر ۔

پل پکار ۔ بن کھیرو ۔

پل دماغ ۔ ناک کی ہڈی ۔

پل روئے ہوا ۔ یا پل معلق ۔ جھولے کا

پل جو ادھر لٹکا رہتا ہے ۔

پلستر زدن ۔ (پلاسٹر کا مفرس ہے) ضماد کرنا ۔

مرہم پٹی کرنا ۔

پلشت ۔ کثیف و ناپاک عورت ۔

پلک ۔ پپوٹا ۔

پلک زدن ۔ پلک مارنا ۔ جھپکنا ۔ کنیانا ۔

پلنڈری ۔ پولنیڈ کا رہنے والا ۔

پلنگشت ۔ انگلی ۔

پلنگک زدن ۔ دونون ہاتھون سے (باجہ) بجانا ۔

پلنگک کردن ۔ تالی پیٹنا ۔ تضحیک کرنا ۔

پل و پاچہ بوسیدن ۔ خوشامد کرنا ۔

پلو خیالی پختن ۔ خیالی پلاؤ پکانا ۔

پلہ ۔ پایہ ۔ سیڑھی ۔ ترازو کا پلہ ۔ مرتبہ ۔

پلہ بہ پلہ ۔ درجہ بدرجہ ۔ رفتہ رفتہ ۔

پلہ پلہ ۔ سقف دار ۔ چبوترہ دار ۔

پلہ پیچ ۔ چکردار سیڑھی ۔

پلیس ۔ کوتوالی کا جوان ۔

پمپ ۔ پھپوندی ۔ مورچہ ۔

پمپو ۔ پھپوندی ۔

پنبہ ریسی ۔ روئی کاتنے کی کل ۔

پتلون ۔ پٹلون ۔

پنجر ۔ چٹکی ۔ ذرا سا ۔

پنجرۂ توپ ۔ جہاز کا وہ سوراخ جس مین سے توپ چلاتے ہین ۔

پنجہزار ۔ دو روپیہ کا ایک سکہ

پنداشتہ ۔ مفعول پنداشتن کا بمعنی دانائی ۔ قیاس

پنداولی ۔ ایک قسم کی مینا ۔

پننگ ۔ شطرنج کے پیتے کا ادنیٰ دانا گا ۔

پنیرور ۔ سر کنڈا ۔

پوت ۔ سڑا ہوا ۔ بوسیدہ ۔

پوتاس ۔ مشفا کھار ۔ پوٹاش کا مفرس ۔

پوتہ ۔ (پودینہ کا بجز دست)

پوچ نمودن ۔ ابطال کرنا ۔ غلط ثابت

کرنا ۔ جھٹلانا ۔

پودہ ۔ ہر وہ شی جو آلائش و پلیدی سے پاک ہو

پودنہ ۔ ایک ہی چوبی دیوار دون پیدا ہوتی ہے

پورتقال ۔ پرتگال ۔

پورتوقال ۔ سنترہ ۔ کنولا

پوز } لگام -
پوزہ }

پوزہ - تھوتھنی - سونڈ -

پوزہ بند - دہانہ -

پوست - خط -

پوستہ - ڈاک کا محصول -

پوستہ خانہ - ڈاک خانہ - پوسٹ آفس -

پوستہ ہیئت (دانش پوستہ) علم ہیئت -

پوش - ایک کم قیمت سکہ -

پوشال - گھوڑوں کے واسطے گھاس کا فرش -

پوک - خالی - بے مغز - کھوکھلا - جوف -

پوکنی - وہ غار جو پہاڑ کے نیچے ہو -

پول - رقم -

پول بزرگ - تومان - ریال وغیرہ زریں سکہ -

پول بہ نزول دہندہ - سود خوار -

پول بہ دائرہ زدن - پیسہ رنگ رلیوں میں اڑانا -

پول تلگرام - اخراجات تلگراف -

پولیتیک - خود غرض پالیسی -

پولیتیک دان - عالم علم سیاسیات -

پول پیش - بیعانہ -

پول حاضر - نقد رقم -

پول خرج کن - یا پول صرف کن - مسرف
فضول خرچ -

پول خردہ - چھوٹے سکے جیسے چوانی وغیرہ -

پول سیاہ - تانبے وغیرہ کا سکہ - پیسہ -

پول شلوار چہ - اسباب سراہی - لوازم سفر
اخراجات سفر -

پولک - چمکی - افشاں - اسکرو کا سر -
مچھلی کا چھلکا - بڑی یادداشت کا پورا نام -

پول کاغذی - نوٹ - کاغذ زر -

پول موجودہ - نقد رقم -

پولونی - پولینڈ -

پول میراثی - میراث غیر مترقبہ -

پولیس عسکرہ - فوجی پولیس -

پون صد - پانسو (٥٠٠) فصحا اس کی جگہ
پانصد کہتے ہیں -

پونہ - نازبو -

پہلو بندی دادن - کسی کو دانستہ نفع پہونچانا وہ
اس طرح ہے کہ اپنے شریک کو زیادہ حصہ دینا اور
خود کم لینا - یا اپنے نفع کو بھی اپنے شریک کو دیدینا -

پہنک - جالی - فیتہ - پٹی -

پیادہ رو - پگڈنڈی -

پیادہ نظام - ریگولر انفینٹری -
پیانو - (مفرس پیانو) ولایتی باجہ -
پیانو زن - پیانو بجانے والا -
پیپ - پیپا -
پیچ - دستہ -
پیچ خور - لچکدار - جھکنے کے قابل -
پیچ خوردن - موچ کھانا -
پیچ کوک - کنجی - کلید -
پیچ گردان - (کارک اسکرو) ڈاٹ نکالنے کا اسکرو - پیچ کش -
پیچ واپیچ - اولجھاوا - گلجھٹ -
پیچ ولیت - خم دار پیچ - اروٹنی -
پیرار سال - (پیوریں) سال گذشتہ سے قبل کا سال -
پیر اقدار - پیر قدار -
پیراہن فرنگی - قمیص - شرٹ -
پیراہن کشش - جبہ - قبا - چوغہ -
پیرزر - کمزور اور ڈرپوک آدمی -
پیرک - خطمی - خبازی -
پیرپیچی شکل - آگے جھکا ہوا - اوندھا - نامرد بزدل -
پیرزی - کوزن - (عوام کی زبان ہے)
پیس - برص -

پیسی - مبروص -
پی شوز - } موم بتی جلانے کا شمعدان -
پیہ شوز -
پیسہ - چتکبرا - ابلق -
پیسی بر سر کسے آوردن - مجازاً کسی کو رسوا - بےعزت و بدنام کرنا -
پیش اطاق - (بلا اضافت) انتظار گاہ -
پیش باز - استقبال -
پیش بخاری - انگیٹھی کا جنگلا -
پیش تاز - فوج کا وہ دستہ جو حملہ کرنے میں سبقت کرے - مقدمۃ الجیش - ہراول - اڈوانس گارڈ -
پیش تختہ - ڈھلوان میز - ڈسک -
پیشتو - پستول - تفنچہ -
پیش پی - اس سے پہلے -
پیش خدمت - نوکر -
پیش خدمت باشی - چپراسیوں کا جماعہ دار -
پیش خدمت خاص - سرملازم (نوکر)
پیش خدمت کشیک - دربان - پاسبان
پیش خور - کھانا کھا کر دریافت کرنے والا کہ آیا زہر تو نہیں ڈالا گیا ہے -

پیش خنگ - پریزنٹ آرم کی سلامی -

پیش قراول مقدمۃ الجیش - ہراول - اڈوانس گارڈ

پیش کردن - دروازہ بند کرنا -

پیش گیر - میز کا رومال -

پیش لنگ - فن کشتی -

پیش منزل - اوپر کی منزل -

پیش نماز - امام پیش امام -

پیشواز کردن - استقبال کرنا -

پیغو - ہندوستانی شکرا -

پیکرہ - فریم - چوکھٹا -

پیلام - ریشمی کپڑا -

پیلون - نرم کپڑا (مخمل)

پیلہ - تھیلی - کیسہ - خریطہ -

پیلہ کردن - کسی کو خوشامد یا دھوکے سے اپنا کر لینا - تقاضہ کرنا - مجبور کرنا -

پیلہ ور - نیم حکیم ٹھگ ویدک - پھیری والا -

پینہ - چیتھڑا - دھجی - پیوند -

پینہ دوز - پیوند لگانے والا -

پیوش - انسانیت - سمجھ - رائے -

پیوسیدن - آگے رکھنا - گذرانا - چھوڑ دینا - مستعفی ہونا - فکر کرنا - رائے دینا -

پیوک - ایک خاص قسم کا کیڑا جو صرف ایران میں ہوتا ہے اور انسان کے جسم میں گھس جاتا ہے

پیہ سوز - دیا (پنتھی) جس میں بتی اور ارنڈی کا تیل جلتا ہے -

پیہ فروش - چربی کی بتی بنانے والا - ع - شمّاع - چربی بیچنے والا -

پیین - لید -

باب تائے فوقانی

تا - شخص - فرد -

تاباندن - پیچ و تاب دینا - کسی کو چاپلوسی یا فریب سے اس کے ارادہ سے باز رکھنا -

تاب برداشتن - ٹیڑھا ہو جانا - مڑ جانا -

تاب داشتن - (مونچھ وغیرہ کو) موڑنا -

تابلو دیوان - زندہ تصویروں کا تماشہ -

تابور - فوج کا دستہ -

تاپو - غلہ بھرنے کی کوٹھی - بھوسیری -

تاپیر - جنوبی امریکہ کا ایک جانور -

تاتو - ٹٹو -

تاجر سیار - وہ تاجر جو ملک بملک پھر کر تجارت کیا کرے -

تاج گزاری - تخت نشینی - تاج پوشی -

تاج ہشت ترک - درویشوں کی ٹوپی جس میں آٹھ کلیاں ہوتی ہیں۔

تاجر سفینہ - جہاز کا کرایہ نامہ۔

تاخماق - مارتول۔

تار - تاڑی۔

تاراش - تاراج۔ لوٹ۔ غارت۔

تاراندن - پریشان و پراگندہ کرنا۔ بھگا دینا۔ شکست دینا۔

تارس - علم بردار۔

تارومار - پراگندہ۔ پریشان۔

تارومار کردن - تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

تارہ - مخفف ستارہ۔

تاریک - ابر و باد (دن یا رات - یا زمانہ)

تاژ - چادر خیمہ۔

تاس - گنجا۔

تاساہ - خود زرہ۔

تاس کلاہ - منڈے کی ٹوپی۔

تاسیس شرکت - کسی کمپنی کا تانا و قائم ہونا۔

تاشدن - ندی یا نہر میں ... گزرنا۔

تاغی گری - غدر۔ بلوہ۔ بغاوت۔

تاک یکوچیا - [illegible]

تالار یا طالار - [illegible]

تالار سلام - دیوان [illegible]

تالاردہ میلہ - وہ حجرہ جس میں دس ستون ہوں۔

تالان }
تالاش } تاراج۔ لوٹ۔ غارت۔

تالیف وزارت - وزارت کا قائم کرنا۔

تامیز - پاک و صاف۔

تانجار - چقندر۔

تاول یا تول زدن - آبلے اوٹھنا۔

تاوہ - پتیلی۔

تبار - خالص۔ اصل۔

تپانچہ - پستول۔ تفنچہ۔ طپنچہ۔

تبدیل پول - رقم کا مبادلہ۔

تبدیل گردی - بھیس بدل کر پھرنا۔

تبشی - تشتری۔

تبعہ و لحقہ - ماتحت و ملازم لوگ۔

تب مخملک - لال بخار۔ اسکارلٹ فیور۔

تپالہ - سست۔ کاہل۔

تپش - اختلاج۔

تپق زدن - ٹھوکر مارنا۔

تپلہ - [illegible]

تپقدہ - تم گز۔

تپنشر - [illegible]۔ کنوان۔

تتمہ - پشتہ - مینڈھ - ٹیلا -
تتق نور - روشنی کا کھمبا جو بازار میں لگا ہوتا ہے -
تتمہ بدہ - بقایائے واجب الادا - وہ زر باقی جو کسی قرض کی ادائی کامل کیلئے درکار ہو -
تتمہ حساب - کھاتے کی وصول باقی -
تتمہ طلب - بقایائے واجب الوصول -
تتن - سگرٹ کا تمباکو -
تجارت اہلی - ملکی بیوپار - سودیشی معاملہ -
تجزیہ کردن تحلیل کرنا - کسی مرکب کے اجزا کو علیحدہ کرنا -
تجسم - اوتار -
تجیر - قنات - ڈیرے کی دیوار -
تجیرہ - خیمہ کی قنات -
تخت گاہ باغ - کنج شہر -
تخت اروسی - بوٹ کا تلوا -
تختہ بستہ - بندمیز -
تختہ بند - لکڑی کا فرش - پٹی یعنی بینڈیج -
تختہ بندی - چبوترہ - پلاٹ فارم -
تخلیص کردن - شائستہ کرنا - کھوٹ نکالنا -
تخم عنقا - غیر ممکن امر -
تخم مرغی - بیضوی -
تخلیع کردن خلعت پہنانا - سرفراز کرنا -

تدارک - تیاری -
تداول - مکالمہ - مباحثہ
تدریبق - وارنش کرنا -
تذبذب - گھڑی کے لٹکن کا ہلنا -
تذکرہ - قائم یعنی سرگذشت - توزک - (جدید) پروانہ - پاسپورٹ -
تذکرہ خانہ - راہداری کا محکمہ
تذکرہ عمومیہ گشتی - سرکلر -
تذکرہ نقل - جہاز کے مال کی بلٹی -
تراجدی - غم خیز ناٹک - (ٹریجیڈی)
تراس - مہتابی چبوترہ -
تراشیدہ - لائق اور سنجیدہ آدمی - قابل آدمی (ناتراشیدہ) اس کی ضد ہے -
تراطیس مالی - دستاویزات -
تراق - دھن - دھماکہ - بندوق یا دروازے کی آواز
تراق زدن - تھپڑ مارنا -
ترامویے - ٹرام وے گاڑی -
ترابخدا - تمہیں خدا کی قسم -
تراوہ کردن - چونا - ٹپکنا -
ترتیجہ - مولی -
ترتیب مقررہ - کام کاج کی سل شیت تماغیرہ جن میں ہم ہر روز مصروف رہتے ہیں -

ترجمان کردن - جرمانہ کرنا۔

ترخان - ایک عہدہ جو گذشتہ زمانہ میں جرائم سے مرفوع القلم سمجھا جاتا تھا۔

ترخانی - ایک وجیہ شاہی مقربوں کا جس کو یہ درجہ حاصل ہوتا ہے وہ مجاز ہوتا ہے بلا روک ٹوک کے بادشاہ کے حضور میں چلا جائے۔

ترخوپوش - ترکی ٹوپی۔

ترخون یا طرخون - بائبل کا کلدانی ترجمہ۔

تردستی - چالاکی - ہوشیاری - شعبدہ بازی۔

ترسو - نامرد - بزدل - ڈرپوک۔

ترش بالا - چاول چھاننے کی سی چھلنی۔

ترشی آلات - اچار اور چٹنیاں وغیرہ۔

ترصد - دوربین سے دیکھنا۔

ترقہ - پٹاخہ۔

ترقہ - دھاچوکڑی۔

ترقہ - چھچھوندر - سسروتا۔

ترک - گھوڑے یا زین کا پچھلا حصہ۔

ترک - دراز - شگاف - شق - خندق۔

ترک - کند ذہن - ٹھوس عقل - کوڑھ مغز۔

ترکات - یادگار - بقا۔

ترک حسابی - باقاعدہ سپاہی۔

ترکہ - شاخ - ڈالی - (انار کی) قمچی چھڑی

ترکیدن - شگافتہ ہونا - شگاف پڑنا۔

ترکیۃ الفتاۃ - ینگ ترکس - نوجوان ترک۔

ترلتان - ایک قسم کی مہین ململ۔

ترمبتچی - ترمپٹ بجانے والا۔

ترمومتر - تھرمامیٹر - مقیاس الحرارت۔

ترمہ - میدانی توپ۔

ترمہ - کشمیری شال - حاشیہ دار شال۔

ترن - (ٹرین کا معرب) گاڑیوں کی قطار - ریل گاڑی

ترنتولہ - ایک زہریلی مکڑی۔

ترنگ - کسی دھات کے بجنے کی آواز۔

ترن - ٹرین۔

ترن وائی - ٹرام وے (گاڑی)

ترنیمہ - } مذہبی گیت جو عیسائی بطور مناجات کے پڑھتے ہیں
ترمومرہ - }

تروی - نشان وعلامت پا۔

ترویض - سیر و تفریح۔

تریشہ - کترن - دھجی - پٹی۔

تزرو - پیرو مرغ۔

تسامح - بے تعصبی - رواداری - دینی آزادی۔

تساہُل ۔ دینی آزادی جو سرکار سے رعایا کو ملی ہو۔ تعصب
تسطیح ۔ چپٹاپن۔
تسلیت ۔ تعزیت ۔ پرسہ۔
تسمہ پا ۔ ایک بلا نخوان خیالی جانور۔
تسمیہ ۔ تقرر ۔ نامزدگی ۔ نامینیشن۔
تشخص ۔ دولت مندی۔
تشخص فروش ۔ خودنما۔
تشخیص ۔ تھیٹر میں ایکٹ کرنا۔
تشر ۔ ڈانٹ ۔ ڈپٹ۔
تشریح خانہ ۔ ہسپتال کا وہ مقام جہاں جراحی کیجاتی ہے
تشریع ۔ قانون سازی۔
تشریف ۔ ملاقات ۔ خلعت۔
تشریفات ۔ جلوس۔
تشریفات بردن ۔ مرنا ۔ انتقال کرنا۔
تشریفات چی باشی ۔ توشک خانہ کا مہتمم
تشریفاتی ۔ شاہی اسٹاف۔
تشرین اول ۔ نومبر
تشرین ثانی ۔ دسمبر
تشک ۔ توشک۔
تشکیل ۔ اجزا ریزہ وغیرہ لگانا ۔ وضع کرنا۔
تشہر زدن ۔ دھمکیوں سے ڈرانا۔
تشییع ۔ جنازہ کے ہمراہ جانا۔

تصدیر ۔ برآمد ۔ نکاس۔
تصدیق نیافتہ ۔ ہوائی ۔ غیر معتبر۔
تصدیق امضاء ۔ تنقیح و منظوری ۔ جانچکر منظور کرنا۔
تصرف ۔ (مکان) میں رہنا۔
تصریح ۔ حکم ۔ اجازت۔
تصفیہ شدن ۔ مقطر ہونا۔
تصلیح ۔ مرمت ۔ ترمیم ۔ درستی۔
تضمین کردن ۔ شامل کرنا ۔ شریک کرنا۔
تقیمن کردن ۔ برآورد کرنا ۔ تشخیص قیمت کرنا۔
تصنیف ۔ جدید فارسی میں عموماً نغمہ گیت راگ کو کہتے ہیں اور کتابوں کے لکھنے کو تالیف کہتے ہیں۔
تصنیف خواندن ۔ گیت گانا۔
تصنیفات ۔ وہ گیت جو لوطی گاتا ہے۔
تضمینات ۔ ٹوٹا خسارہ ۔ گھاٹا۔
تطعیم ۔ ٹیکہ لگانا۔
تطعیم الجدری ۔ چیچک کا ٹیکہ لگانا چیچک کا ٹیکہ۔
تطویل لاطائل ۔ طول کلام۔
تطہیر ۔ ہنڈی یا چیک وغیرہ کا تصفیہ کرنا۔
تطیر ۔ شگون ۔ فال ۔ پرندوں سے تفاول کرنا۔
تعارف ۔ سلام ۔ آداب ۔ صاحب سلامت تحفہ ڈالی۔
تعارف بجا آوردن ۔ شکریہ ادا کرنا ۔ پسندیدگی کا اظہار کرنا
تعارف رسمی ۔ شاہانہ ملاقات۔

تعارف رسمی بجا آوردن - خیر مقدم کہنا - گرمجوشی سے استقبال کرنا۔

تعارف کردن - سلام کرنا۔

تعدیل - کمی و بیشی و ترمیم۔

تعدین - کان میں کام کرنا۔

توصیہ کسے دادن - سفارش کرنا کسی کی تعریف کرنا

تعریفہ - مال کی فہرست - بل مطالبہ۔

تعریفہ غزا - کرایہ کا بل۔

تعزیل - پاک و صاف کرنا - درست کرنا۔

تعزیم - ضبطی۔

تعزیہ گردان - عاشورہ محرم کا اہتمام و انتظام کرنیوالا۔

تعفین یود - ٹنکچر آف آیوڈین۔

تعلیم مقدمات - ابتدائی تدریس (پڑھائی)

تعلیمی - چھڑی - زیر بند۔

تعمق - تحقیقات۔

تعمید کردن - بپتسمہ کرنا

تعویض مدنی - سرکاری حرج - سرکاری نقصان۔

تعویض - حرج و نقصان۔

تعہدات دولتی - بین الاقوامی معاہدات۔

تغار کاشی - چینی گملا یعنی کونڈا۔

تغیر - غضب - غصہ - غیض۔

تفالہ - (دراصل ثفالہ) انگور کی گٹھلی اور چھلکا۔

تف - بخار۔

تف بالا طاق - گنبد کی صدا جیسی کہنا و سننا۔

تفرج گاہ / تماشہ گاہ - ناٹک - تھیٹر۔

تفرہ زنی - ٹال مٹول - حیلہ حوالہ۔

تفریم - تمباکو تراشنا۔

تفلیس - دیوالیہ ہونا۔

تفنگ بادی - ایرگن یعنی ہوا سے چھوٹنے والی بندوق

تفنگ تہ پر - پیچھے سے بھرنے کی بندوق (بریچلوڈر)

تفنگ تہ نالہ پر - پیچھے سے بھرنے کی بندوق (بریچلوڈر)

تفنگ ڈنگی - چقماق دار بندوق۔

تفنگ ساچمہ - چھرا لگانے کی بندوق (شاٹ گن)

تفنگ تہ پازی - ملٹن کی بندوق۔

تفنگ سوزنی - توڑے دار بندوق۔

تفنگ ساشپو - کوٹھی دار بندوق۔

تفنگ فتیلی - توڑے دار بندوق۔

تفنگ گرا - ایک مشہور کارخانہ کی بندوق۔

تفنگ گلولہ زنی - گولیاں مارنے کی بندوق (رائفل)

تفنن ٹفن - وہ کھانا جو انگریز دوپہر کو کھاتے ہیں

تفننی - وہ شخص جو کوئی فن تفریح طبع کے لیے سیکھتا ہو اور وہ اسکا پیشہ نہ ہو - اناڑی (عطائی)

تقاعد - وظیفہ پنشن -

تقدیمہ - ڈیڈیکیشن یا معنون کرنا -

تقدیر - اندازہ تشخیص - جانچ -

تقریرات مختصر - مدعا کا اظہار یا بیان -

تقسیم طبیعی - قدرتی حد بندی -

تقصیر بر کسے گذاشتن - اپنا قصور کسی پر ڈالنا

تقطیر یا تقتیر - بخل - کنجوسی -

تقلید - نقل - سوانگ - ناٹک میں کھیل کرنا -

تقلید لباس - بھیس -

تک - اکہرا - سنگل -

تکالتو - زین -

تکان خوردن - سرکنا - ہلنا -

تکان دادن - ہلانا - دھکیلنا -

تکان دہندہ - ہلانے والا -

تکبیر زدن - مرا خیال کر کے چھوڑ دینا -

تک تک - یہاں وہاں - ادھر ادھر -

تک تک بعض بعض - جدا جدا - الگ الگ -

تک تک - گھڑی کی کھٹ کھٹ -

تک تک شدن - درہم برہم ہونا - تتر بتر ہونا -

تکت چسپناک - پوسٹیج اسٹامپ -

تکتیک - حرکات عسکریہ - فنون جنگ -

تکرارادہ - گاڑی کا دھرا -

تکسر مزاج - علالت یا ناسازی طبع -

تکلتو - زین کی گدی کی بھرتی - سند -

تکلفات - قاعدۂ نشست و برخاست - آداب رسوم -

تکلیف - فرض - کار مفوضہ - ڈیوٹی -

تکلیف رسمی - سرکاری یا باضابطہ مطالبہ -

تکمہ - پارہ - ٹکڑا - پارچہ -

تکہ - ہرن - آہو -

تکہ - پہاڑی بکری - ازار بند -

تکہنگی - شرکت - عضویت -

تکیہ دہ یا وجہ گذران دہ پشتیبان حامی سرپرست -

تلاشی - بکھراؤ - پھیلاؤ -

تلافت - نقصان (آدمیوں کے مرنے یا زخمی ہونے کا باعث)

تل ریگ - ریت کا تل -

تلسکوپ - دوربین -

تلطیف احساس کردن - جذبات کا مہذب کرنا -

تلغراف - دیکھو - تلگراف -

تلفون - دور گوئی کا آلہ -

تلفون خانہ - ٹیلیفون کا آفس -

تلفون کردن - دور گوئی کرنا -

تلقیح - چیچک یا طاعون کا ٹیکہ (علماء کی زبان ہے)

تِلگراف - تاربرقی خبررسانی -
تِلگرافِ بِتشدیدی - معمولی تار
تلگرافِ بے تکلم - وائرلس تار برقی -
تِلگرافِ تحت البحری - زیر آب ٹیلگراف
تِلگراف چی - تلگراف کا کلارک -
تِلگراف خانہ - تار گھر
تِلگرافِ رمزی - کوڈ ٹیلی گرام -
تِلگرافِ زیرزمینی - وہ تاربرقی جو زمین کے نیچے لگایا جاتا ہے
تِلگرافِ غیرسلکی - بے تار کی خبررسانی -
تِلگراف کردن - تار بھیجنا - تار کے ذریعہ خبر روانہ کرنا
تِلگرافِ لاسلکی - بے تار کی خبررسانی -
تِلگرافِ مستعجل - ارجنٹ تار -
تِلگراف نامہ - تار کی خبر
تِلگرافِ ہوائی - وہ تاربرقی جو کھمبوں کے اوپر ہو
تُلُنبہ - آگ بجھانے کا انجن -
تُلُنبہ چی - فائر بریگیڈ -
تِلِنگ زدن - انگلیوں سے بجانا -
تِلِنگہ - چھوٹا خوشہ -
تلوارہ - مٹی - تاک -
تلہ - پھندا - دام -
تلہ نہادن - دام تیار رکھنا یا بچھانا -

تِلیان - اٹلی کے باشندے
تِلیانی - جدید اطالینی زبان -
تِلیسہ - ہر سے جو گھوڑوں کو ملتے ہیں
تلیلو - جگمگاہٹ - چمک دمک -
تِلیفون - آلۂ دور گوئی - ٹیلیفون -
تلیمار - پلاٹ فارم جس پر ریشمی کیڑے پالے جاتے ہیں
تماشا - دیکھنا -
تماشاخانہ - ناٹک گھر
تماشاخانہ رسمی - شاہی عجائب گھر
تمبر - اسٹامپ ٹکٹ
تمبر پست - پوسٹیج اسٹامپ -
تنبل - سست بیوقوف -
تنبلِ بغداد - نہایت سست
تنبلی - سستی - کاہلی -
تمبیدن - گرنا -
تِمثال - مجسمہ - اسٹیچو -
تمثیل - ناٹک میں کھیل کرنا -
تمدن - تہذیب شائستگی معاشرت -
تمرد قول - وعدہ خلافی -
تمرین - قواعد - ورزش -
تمرینات جسمیہ - ورزش جسمانی -

تمرینات عسکریہ۔ فوج کی قواعد۔

تمنک - ڈمبول۔

تمیز - صاف - ستھرا۔

تنازع حیات - زندگی کی کشمکش کا سلسلہ۔

تنبل - سست - کاہل۔

تنبل بغداد - نہایت کاہل ناکارہ۔

تنبوشہ } نالہ - نفیر
نولہ }

تنجہ - نئی ٹہنی - نونہال۔

تنجہ زدن - کلی نکلنا - یا پھوٹنا۔

تنحنح کردن - کھنکھارنا۔

تنخواہ - ابا - سانا (ہندوستانی شاہی ماہوار کو کہتے ہیں)

تند - گہرا (رنگ)

تندبار - درندہ جانور جو دوسرے جانور کو شکار کرکے زندگی بسر کرتے ہیں

تندکار - تیز چلنے والی گھڑی۔

تن در دادن - قبول کرنا - راضی ہونا۔

تندہ - سائبان۔

تنزہ - سیر و تفریح۔

تنزیل - سود - ربا - ڈسکونٹ۔

تنزیل خوار - سود کھانے والا۔

تنزیل قیمت - قیمت وضع کرنا۔

تنظیم - آئین - ریگولیشن۔

تنظیم مردم - لوگوں کی صف بندی کرنا۔

تنقلات - میوہ - مٹھائی جو کھانے کے بعد کھاتے ہیں

تنقیہ - مقعد کی پچکاری - عمل۔

تنک - قلعی - رانگ۔

تنک - پینا شراب - گھڑا - مثلاً ایک تنک آب

تنک آوند - کمظرف - کمینہ - رذیل۔

تنکاہی - ریاضت مشقت۔

تنکہ - آبنائے۔

تنکہ - دھات کا پتر۔

تنگ - کنٹر مینائے شراب۔

تنگ مخوف - پرخطر۔

تنگہ - گھاٹی - درہ۔

تنو - روز - دولت پادشاہی - قوت - قدرت - طاقت - سلطنت

تنویم - کلوروفارم دینا۔

تنہ - کشتی یا جہاز کی کوٹھی - پیٹ یا خول۔

تنہ زدن - دھکہ دینا۔

تواضع - تعظیماً کھڑا ہونا (قدیم خاطر مہمانوازی)

توب - تھان (کپڑے کا) گتھان گھنا۔

توبند انداختن - قید کرنا - محبوس کرنا۔

توپ - لمبا کرتہ۔

توپ پیادہ کردن - توپ کی گاڑی کو کھولکر اوسکے پہئے الگ کردینا۔

توپ پُر - پیچھے سے بھرنے کی توپ۔

توپچیان سوارہ - ہارس آرٹلری۔

توپ خاندار - وہ توپ جس مین خار ہون۔

توپ دررفت - توپ کا اتفاقاً چل جانا یعنی سرہو جانا۔

توپُر - ٹھوس - جامد۔

توپ ریش - } گھنی داڑہی والا۔
گپہ ریش - }

توپ صحرائی - میدانی توپ۔

توپ سرکوپ - سرکے کارخانہ کی بنی ہوئی توپ

توپہ - گول - گولا۔

توپہ بازی کردن - چاندماری کی مشق کرنا۔

توپی - گنجان - گھنا۔

توت فرنگی - اسٹرابری۔

توتول - } ستہ (چھوٹا)
تتلی - }

توچال - گڑھا۔

توچہ - ٹہنی - شاخچہ۔

توحید - کل حکومت کا انتظام مرکزیت کرنا۔

توحش - بے تمدنی - غیر شائستگی۔

توخاق - مینچہ۔

تودرتو - گنجان - گھنا۔

تو در دل گزاشتن - مخفی رکھنا - راز مین رکھنا۔

تودہ - انبار - خرمن۔

تور - جال - جالا - جھالر۔

تور سفید - جالی لوٹ - (کپڑا)

تورغہ یا ترغہ - ایک خوش الحان چڑیا۔

تور کاہ کشی - گھاس باندہنے کا جال۔

تور ماہی - مچھلی پکڑنے کا جال

تورشن - (ترن سن کا منفرس) سورج مکھی کا پھول

تورنگ - ایک قسم کا جنگلی مرغ - منال

تورہ - (ٹاور کا منفرس) برج - گنبد۔

توری - مشبک - جالی - جھالر۔

توریان - سینڈپائی - رکا ہوا پانی - (سفرنامہ)

تورلفی - بالون کو درست و آراستہ کرنے کی ایک قسم کی سوئی۔

توزیع - اشاعت (اخبار وغیرہ کی)

توش - شراب کا گلاس مین ڈالنا۔

توسری - مایوسی - ناامیدی - دھتکار - دلبپ

توسکا - جھاڑی - جنگلی درخت۔

توغلی }
توقلی } بھیڑ۔ بھیڑ کا بچہ۔

توفیر۔ اختلاف۔ فرق۔

توقیع۔ دستخط۔ شرح۔

توقیف۔ معطلی۔ اخبار کا بند ہو جانا۔

توکا۔ ایک قسم کا پرندہ۔

توکشت گرفتن۔ جنس میں کرنا۔ بند کر دینا۔

توکیل کردن۔ کمیشن مقرر کرنا۔

توگوشی۔ طمانچہ۔ تپانچہ۔

توگوشی گفتن۔ کانا پھوسی کرنا۔ سرگوشی کرنا۔

تول۔ آبلہ۔ پھپھولا۔

تولک۔ ذہین۔ تیز طبع۔

تولہ۔ شکاری کتا۔

تولہ۔ (کتے کا) پلا۔

توما۔ تماس۔

تومان۔ اشرفی۔

تون تابندہ یا تون سار۔ حمام میں آگ سلگانے والا
بھاڑ جھونکنے والا۔

تونل۔ نقب۔ سرنگ۔

تون دیس۔ دوزخ۔

توی۔ اندر۔ اندرون۔ میں۔

توے باغ شدن۔ پیچھے آنا۔

توے کوک کسے زفتن۔ کسی کا پیر پھنسا کر گرا دینا

تہ سوزن۔ سوئی کا ناکہ۔ سوراخ۔

تہ عطف۔ کتاب کی تہ یا نیچے کا حصہ۔

تہی۔ خالی۔

تہی دست روسیاہ۔ مفلس کے ہنر کی قدر نہیں ہوتی ہے۔

تیاتر۔ (تھیٹر کا مفرس) ناٹک۔ تماشا خانہ۔

تیب یا تیپ۔ صف۔ پلٹن۔ رسالہ۔

تیتا۔ جیقا۔ عورتوں کے سر میں پہننے کا کپڑا۔

تیر۔ ٹیلگراف کا کھمبا۔ سیخ۔

تیر انداز۔ بندوق اچھی طرح چلانے والا۔

تیر اندازی۔ بندوق چلانا۔ فیر کرنا۔

تیر بسنگ آمدن۔ نومید و ناکام ہونا۔ آرزو
پوری نہ ہونا۔

تیر بہ تاریکی انداختن۔ بے ٹھور ٹھکانا گفتگو کرنا۔

تیر تار کش۔ سارنگی کا گز۔

تیر تفنگ۔ بندوق کا کارتوس۔

تیر توے بوتہ زدن۔ رجماً بالغیب۔ یا اٹکل
پچو کرنا۔

تیر خرگاہ۔ اوپر سے آیا ہوا تیر۔ تیر ہوائی۔

تیمار۔ ایک ہرا سانپ جو تیر کی طرح سیدھا اڑتا ہے۔

تیر نان پزی - بیلن - بیلنا -

تیر و تختہ - بیلن اور تختہ -

تیر و کمان - قوس قزح -

تیغ دلاکی - استرہ -

تیغہ - پشت کوہ - منڈیر -

تیغہ ناخن گیر - نہرنی -

تیقظ - بیدار مغزی - ہوشیاری -

تیقون - مبروص -

تیلیفیم - ٹیلیفون کی خبر

تیل کردن - گاڑھا کرنا -

تیم - بڑا مکان - سوداگرون کی کوٹھی -

تیمارج - بکرے کا چمڑا -

تیمارچی - بیمار کی خدمت کرنے والا -

تیمار کردن - مالش کرنا - ملنا -

تیمسار - } بزرگ پیغمبر
تیمشار - }

تیمناک - برابری - یکسان - مساوات -

تیمچہ - شاپ - اسٹال -

تیول - رسد - خوراک -

تیول - (ج تیولات) وہ شاہی اراضی جو مقررہ چمن سے دیجاتی ہے - جائزات -

تیولی - اراضی عطیہ شاہی - وہ جاگیر یا اراضی جو عطیۃً ملی ہو -

باب ثائے مثلثہ

ثالوث - تثلیث - عیسائیونکی تر مورتی -

ثرثر - پانی کی آواز -

ثریا - جھاڑ (بلور کا)

ثغر - خلیج - کھاڑی -

ثقۃ النفس - سلف ہلپ - اپنی آپ مدد کرنا -

ثکنہ - چھاونی - بارکس

ثنیہ - پانون کے باندھنے کی پٹی -

ثوب - لمبا کرتہ -

ثورۃ - بغاوت - فساد -

ثیوصوفیہ - تھیاسوفی - تصوف -

باب جیم عربی

جابجا - الگ تھلگ

جاثلیق - کیتھولک - ایک عیسائی فرقہ جو پوپ کو خلیفۂ مسیح مانتا ہے -

جاجیم - نازک کمبل -

جا دادہ خالی داشتن - کسی کے منتظر رہنا

جگہ کا خالی ہونا۔

جاذبیت التصاق۔ مادّہ کے باہمی اجزا کی کشش۔

جاذبیت ملاصقت۔ دو چیزوں کی باہمی کشش۔

جار۔ منادی۔ ڈھنڈورا۔

جار۔ مفرس ہے ہندی جھاڑ کا یعنی چراغ

جار (زدن) منادی کرنا۔

جارچی۔ ڈھنڈورچی یا منادی کرنے والا۔

جارور۔ خانوں کا صندوق (مقامی)

جاروفہ۔ آہنی پنجہ۔ پھاوڑا۔

جاسنگینی (جا اصل میں جاہ ہے) بزرگ مرتبگی۔

جاسوس۔ خفیہ پولیس۔

جاشو۔ ملاح۔ کشتی بان۔

جاشوی گرفتن۔ بحری پیشہ اختیار کرنا۔

جاکت۔ جاکٹ کا مفرس۔

جاکش۔ کٹنا۔ دلّال۔

جاگزین ساختن۔ جانشین کرنا۔

جالب نظر۔ قابل لحاظ یا غور۔

جام۔ کانچ کا پلیٹ۔

جامعہ۔ یونی ورسیٹی۔ بیت العلوم۔

جامہ دار۔ غسل خانہ کا وہ آدمی جس کے پاس کپڑے حفاظتہً رکھے جاتے ہیں۔

جامہ وصلیرہ۔ ردّی کپڑا۔

جان ارزان۔ وہ شخص جو جنگ کے وقت روپیہ لے کر جنگ پر جائے۔

جان بدر بردن۔ دوبارا زندگی پانا۔ بھاگ جانا

جاندارمہ۔ پولیس سوارہ۔

جان کسے خریدن۔ کسی کی جان بچانا۔

جان گرفتہ۔ وہ شخص جو تجربہ کار ہو۔ تنگ ظرف آدمی

جانویہ۔ جنوری۔

جاویدہ حرف زدن۔ تلفظ درست نہ کرنا۔

جاہل۔ جوان۔ نوعمر۔ (عوام کی زبان ہے)

جایستاد۔ قایم مقام۔

جبا۔ خراج۔ مال گزاری۔

جبش۔ بکھرا ہاتھی۔

جبل اسود۔ مانٹی نیگرو۔ بلقان کی ایک ریاست جو معدوم ہوگئی۔

جبنہ۔ پنیر۔ (مقامی)

جبہہ۔ میدان۔ رزمگاہ۔

جبہۃ الحرب۔ صف جنگ۔

جبہ خانہ۔ بندوق اور بارود بنانے اور جمع کرنے کا مخزن۔ سلاح خانہ

جبیت مخلوقہ - اونٹ کا زین محمل -
جیر پا جار - چیخ - پکار -
جیرہ - آمادہ و مستعد
جیرہ گرفتن - زخم کا مندمل ہونا - زخم کا بھرنا -
جیری - ایک قسم کا سنگترہ -
جُھنک -
جُوجیک - } خارشت - چھاؤ -
جدا شناس - مابہ الامتیاز -
جداول دروس - کورس - نصاب اسباق -
جدول - نہر - نالہ - پرنالہ - موری - حاشیہ کنارہ
جدول مثل - کارروائی کے کاغذات - فہرست
جدول وقت - ٹائم ٹیبل -
جِدّی - سنجیدہ -
جدید - نو مسلم -
جراب بند - گارٹر -
جراح باشی - شاہی ڈاکٹر -
جراحت - سرجری - فن جراحی -
جراد - دراز - خانہ -
جرافہ - زمین کھودنے والی کشتی -
جرآمدن - جوان ہاتھ ہونا - گھبرانا -
جرآوردن - رنجیدہ کرنا - ایذا دینا -

جرایہ - رسد -
جرب - خارش کھجلی -
جرب دار - خارشی کھجلی والا -
جربدہ - نیزہ - برچھا -
جربندیہ - تھیلا -
جربندیہ سواری - جانداتی - بقچہ -
جربزہ - قابلیت - لیاقت - قدرت - مادہ - استعداد
جرجرو - گستاخ - چڑچڑا -
جردہ - کاریز - قنات -
جردہ - گارڈ -
جرفتی - ہندوستانی تیتر -
جرف غرین - دریا برآمدہ زمین -
جرگردن - جھنجھٹ کرنا - تکرار کرنا -
جرکوہ - پہاڑ کی دراڑ -
جرمانی - جرمنی کی زبان یا باشندہ -
جرمانیا - جرمنی -
جرناس - گریز کیا ہوا - پچھاڑا ہوا -
جرنال - جنرل کا مفرس - روزنامچہ -
اخبار - رسالہ
جرنگ - ٹن ٹن - جھن جھن -
جرنگ جرنگ - گھنٹے کی آواز - ٹھن ٹھن -

جرنگ کردن ۔ ٹھنٹھنانا ۔

جریدہ ۔ نیزہ ۔

جریدہ ۔ اخبار ۔ فوج کی تنخواہ کا رجسٹر ۔ جرائد

جریسیا ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔

جریقہ ۔ فلالن کا ویسٹ کوٹ ۔ نیز لٹکہ ۔ جلیقہ

جزء ۔ رکن ۔ عضو ۔

جزائل ۔ رائفل بندوق ۔

جزجز ۔ سنسناہٹ ۔ پانی کھولنے کی آواز ۔

جزمہ ۔ بوٹ ۔ شوز ۔

جزماتی ۔ جوتا بنانے والا ۔

جزلی ۔ اچھوتی ۔

جزیرہ سقز ۔ (ساقز) بحر الجزائر میں ایک جزیرہ ہے

جزیرہ مشجری ۔ دریا کے بیچ درختوں کا جھنڈ ۔

جسر انتقال ۔ کشتی کا پل ۔

جسور ۔ گستاخ ۔

جعبہ ۔ صندوقچہ ۔ چمڑے کا بیگ ۔

جعبہ ساز ۔ باجے کا صندوق ۔

جعبہ تشکل ۔ تصویروں کا صندوق جس میں تماشا دکھلایا جاتا ہے

جعبہ ورزک ۔ صندوق بنانیوالا ۔

جُعل یا مُدد } ایک کیڑا جو گوبر یا لید میں رہتا ہے ۔

جعیدی ۔ بازی گر ۔

جفت ۔ دونالی بندوق ۔

جفتلک ۔ شاہی جائداد جسکو حیدرآباد میں صرف خاص کہتے ہیں

جفتہ ۔ دولتی ۔ پاچھی ۔

جفتہ ۔ / جفتک ۔ } انداختن ۔ کودنا ۔

جفنگ ۔ بیہودہ باتیں ۔ بیسروپا کلام ۔

جفنگ گفتن ۔ لچر باتیں کہنا ۔

جفیدن ۔ اوچھلنا ۔ کودنا ۔

جک ۔ بوہیمیا جو آسٹریا کا شمالی صوبہ ہے ۔

جل ۔ بھرتی ۔ ڈاٹ ۔

جلاب ۔ بکرے بیچنے والا ۔

جلاجی ۔ صیقل گر ۔

جلاغی یا جولقی } مسخرہ ۔ دغاباز ۔ اوباش ۔

جلالۃ الملک ۔ ہز مجسٹی ۔ بادشاہ کا خطاب ۔

جلب ۔ پرانا اور سستا مال ۔ مردوں کا مال ۔

جلب / بدل ۔ } مصنوعی جھوٹا ۔

جل بندی ۔ درویشوں کا بستر ۔ جامہ دانی ۔

خرجین ۔ جھولی ۔

جلتقہ - ویسٹ کوٹ - صدری - واسکٹ -

جل جل کردن - (انگلیوں کا) سنسانا - جھنجھنانا -

جلجلہ - بچوں کی چٹ پٹ باتیں -

جلد پشت ماہی - کماندار - قوس نما - جلد کتاب -

جلد مُتکا - غلاف -

جلقو - گردن بند (شکروں کا)

جُلک - جھول -

جُل کہنہ - چیتھڑا - دھجی -

جُلگہ - وادی - دریا کی گذرگاہ -

جُلم بر - چیتھڑیا - دلق پوش -

جُلم بری - پرانا پن -

جلو - لگام - لجام - آگے - سامنے -

جلو افتادہ - سامنے پڑا ہوا -

جلو آمدن - استقبال کرنا - پیش روی کرنا -

جلو خان - گھر کے سامنے -

جلودار - گھوڑے کے آگے دوڑنے والا سائیس -

جلو ریز - اس طرح گھوڑے کو ہانکنا کہ لگام چھوڑ دینے کے اور گھوڑا مقام مقصود پر پہنچا دے -

جلو رفتن - استقبال کرنا - پیشوائی کرنا -

جلو گیری کردن - پسپا کرنا - ضبط کرنا - روکنا -

جلیدقہ - ویسٹ کوٹ - صدری -

جماعۃ الاشارہ - سگنل کا کام کرنے والے لوگ -

جمبازہ - گھوڑے بیچنے والا -

جمبازہ - (صحیح جمّاز) شتر - اونٹ -

جُمرگ - / گُمرگ - } کروڑگیری - چنگی -

جمشت - یاقوت کبود -

جمع آوری - تالیف -

جمعیت - کمیٹی - انجمن - آبادی - مردم شماری

جمعیتِ انبوہ - بھیڑ بھڑ کا - جم غفیر -

جمعیتِ خیریہ - خیرات و مبرات کی انجمن -

جمعیتِ دولتی - کانگرس -

جمعیتِ دولیہ - ملکی کانفرس یا بین الاقوامی انجمن

جمعِ وزن - وزن اصلی بلا منہائی -

جُمعہ عزیزہ - گڈ فرائڈے -

جملون - گرجا - چرچ - (مقامی)

جُملہ کل یا جمعِ کل - صد میزان -

جُملی یا جمولی - توام - جڑواں - ہمزاد -

جمہوریت - جمہوری سلطنت - ریپبلک -

جمیازہ - جمناسٹک - ورزش -

جنابِ فضیلت مآب - مجتہد

جنابِ مقدس مآب - ہز اکسلنسی - صدر مجتہد

جَناغ شکستن - ایران کا ایک مذاق جس کو ہندوستان میں فراموش یا یاد کہتے ہیں
جَناَئب - برات -
جنب دار - بازو مار - مورچہ بندی -
جنب سمت التوجہ - سامنے کا بازو -
جُنبش نخستین - پہلا حملہ -
جنجال - جھگڑا - تفضیہ -
جَندرمہ - پولیس -
جندہ - قحبہ - فاحشہ -
جندہ بازی - حرام کاری - زناکاری -
جنران اجودان - میر ترک - مصاحب کلان - فوج کا افسر اعلی -
جنگ المار - بحری لڑائی - (قابل ترک)
جنگ بہ حملہ - جارحانہ لڑائی -
جنگ بہ دفعہ - روک تھام کی لڑائی -
جنگِ تمرواتیرائے (شہر بلادروم) کی مشہور لڑائی -
جنگ جنگ کردن - جھنجھنانا - ٹھنٹھناتا -
جنگِ ساختگی - مصنوعی لڑائی - جنگ زرگری -

جَنقلہ باز - تجربہ کار - گرگ کہن -
جُنیبہ - باغیچہ
جَواخ - جلاہا -
جَواز - پروانہ
جُوان یا زُوان - جون کا مہینہ -
جَوانک - محض بچہ -
جَوانک سُندی - ہونہار لڑکا -
جَواہر الآت - زیورات -
جُوب - نالہ - نہر -
جُوجک - خارپشت - ساہی -
جُوجہ تیغی - خارپشت -
جُورخ - بانات کا تھان -
جُور - قسم - نوع -
جَوَاب بند - گیٹس -
جُور دیگر - متفرق مختلف - مخالف - جدا -
جَوزبندی - کشکول - فقراء کی جھولی - (جو کندھے میں لٹکاتے ہیں -)
جُوغ - یوغ - جوا بیل کا -
جُوق - منڈلا - گلہ - ریوڑ -
جُوقہ } دستہ فوج -
فرقہ }

جُولَاجِیَا ۔ علم طبقات الارض ۔
جُولَاجِیَادَاں یا مَعدَن شِنَاس ۔ علم طبقات الارض کا ماہر ۔
جَولَان گَاہ ۔ پریڈ کا مقام ۔
جَلَاوطَن ۔ مہاجر (اسکے قدیم معنی خارج البلد ہیں)
جُولغِی ۔ دل لگی باز ۔ حرام زادہ ۔
جُوان ۔ خلیج ۔
جُوہَر سَرما ۔ سردی کی ٹھنڈ ۔
جُوہَر ستَمگر ۔ ٹپ ٹپانا ۔
جُوہَر قَیزِی ۔ سرخ شراب ۔
جُوہَر یُود ۔ ایوڈائڈ آف پٹاسیم ۔
جُوست ۔ دیکھو آب جو ۔
جُوکی ۔ شراز کی ڈھول (مقامی)
جُوئیہ ۔ جولائی ۔
جِہَات اَصلِیہ ۔ یعنی شمال ۔ جنوب ۔ مشرق ۔ مغرب
جِہَات فَرعِی ۔ اصل سمتوں کے سوا بیچ کی سمتیں ۔
جِہَاز ۔ اونٹ کا زین ۔
جِہَاز سِہ دَکلی ۔ تین مستول کا جہاز ۔
جِہَاز شِرَاعِی ۔ بادبانی جہاز ۔
جِہَاز وَائُپُوری ۔ دخانی جہاز ۔ اگبوٹ ۔
جِہَاز یَک دَکلی ۔ ایک مستول کا چھوٹا جہاز ۔

جِہَان پَدرود کَردَن ۔ مرجانا ۔ انتقال کرنا ۔
جِیَالُوجِیَا ۔ علم طبقات الارض ۔
جِیتَر ۔ ہندوستانی ریٹا ۔
جِیرَان ۔ ایک قسم کا ہرن ۔
جِیر زَدَن ۔ چیخنا ۔ چلّانا ۔
جِیروسکوپ ۔ آلہ گردش نما ۔
جِیرَہ ۔ خوراک کا راتب ۔
جِیرہ خوار ۔ (رعایتی) وظیفہ پانیوالا ۔
جِیرہ و عَلِیق ۔ راتب ۔ (خوراک) یو پیا یوں کو دیا جاتا ہے ۔
جِیسِرِت ۔ رساقہ ۔ فوج کا پہلا دستہ ۔
جِیش نِجَاتِ الخلاص ۔ ملکی فوج ۔
جِیغ ۔ (بچوں یا عورتوں کی) چیخ ۔ پکار ۔ شور و غل ۔
جِیق جِیق ۔ چڑیوں کا چوں چوں ۔
جِیق جِیق کَردَن ۔ کھلکھلانا ۔ کھلکھلا کے ہنسنا ۔
جِیغ و وِیَاق ۔ لڑکوں یا عورتوں کی چیخ پکار ۔ شور و غل
جِیک جِیک ۔ چڑیوں کی آواز
جِیک جِیک کَردَن ۔ (چڑیوں کا) چوں چوں کرنا ۔
جِیگَرہ ۔ سگریٹ کا پائپ ۔
جِینَندَہ ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔ چھنال ۔

جنیہ مصریہ } مصر کا ایک سکہ جس کو
لیرۂ مصریہ یا } مصری پونڈ کہتے ہیں۔

جیوہ۔ پارہ۔ سیماب۔

باب جیم فارسی

چاپار } وہ سوار جو سرکاری مراسلات یا خانگی
چپر (یا) } خطوط ایک شہر سے دوسرے شہر
میں لیجائے اور ہر تین میل پر تیار تازہ دم
گھوڑے پر سوار ہو

چاپارچی۔ وہ شخص جس کے پاس ڈاک کو دیتے ہیں

چاپار خانہ } پوسٹ آفس۔ ٹپہ خانہ۔
پوست خانہ }

چاپار دولتی۔ سرکاری ڈاک۔

چاپار شاگرد۔ پشت رو۔ کوتل سوار۔

چاپاری۔ ڈاک سے متعلق۔ ڈاک میں۔

چاپ در آمدن۔ چھپکر نکلنا۔

چاپر گزاشتن۔ گھوڑوں کی ڈاک بٹھلانا۔

چاپ زن۔ چکمہ دینے والا۔

چاپ سربی۔ ٹائپ کی چھپائی۔

چاپ سنگی۔ لتھوگرافی۔ پتھر کی چھپائی۔

چاپ شدن۔ چھپنا۔ طبع ہونا۔

چاپیدن۔ لوٹنا۔ تاراج کرنا۔

چاتمہ زدن۔ ہتیاروں کو جوڑ کر رکھنا۔

چاتلیق۔ کیتھولک۔

چاچ } ململ۔ تنزیب۔ (مقامی)
شاش }

چاچول بازی۔ خوشامد۔ تملق۔

چاچول زبانی۔ بکواس۔ فضول گوئی۔

چادر۔ پڑاؤ۔ چھاونی۔ خیمہ۔

چادر پوش قلندری۔ ایک چھوٹا سا گول ڈیرا۔ ایک شامیانہ جو خیمہ شاہی کی حفاظت کے لئے ایک گز فاصلہ پر نصب کرتے ہیں۔

چادر تیرمہ۔ جامہ وار کی سنجاف یا حاشیہ لگا ہوا خیمہ۔

چادر خوابانیدن۔ ڈیرا اکھاڑنا۔ خیمہ نکالنا۔

چادر عربی۔ عورت کا ایک بالائی جامہ جو عموماً نیلا ہوتا ہے۔

چادر نشین۔ خانہ بدوش قوم۔

چادر نماز۔ عورت کی سفید چادر جو اوپر سے اوڑھی جاتی ہے۔

چارپارہ۔ چھرّہ۔ ساچمہ۔ بندوق کا گراپ۔

چارپر - پھول کی ایک پتّی -

چارچی - ڈھنڈوریا - منادی کرنیوالا -

چاردُولی }
چاردوالی } ایران کے ایک قبیلہ کا نام -

چارسُوق - چوک - چوراہہ -

چارُق - کھڑاوان جو پہاڑی چرواہے پہنتے ہین -

چارقد - چوکور رول جو مسلمان عورتین سر پہ پہنتی ہین - مالا - گلوبند -

چارک - پاؤ - ربع -

چارکُنج - چوگوشہ چیز -

چارگوش - چوگوشہ چیز -

چارگوشہ - مستطیل - مربع -

چاروا - گدھا - خر -

چاروادار - گدھا یا خچر کرایہ پر دینے والا -

چارُوق - وہ جوتا جس کی جھکی ہوئی ایڑی ہوتی ہے -

چاش - کاغذی یا چرمی روپیہ جو بادشاہ کے حکم سے رائج ہو جس کو (چاو) اور (شہروا) بھی کہتے ہین -

چاشنی گیر - کھانون کا ذائقہ دیکھنے والا -

چاقچُوریا - چاقشُور - ڈھیلا پائجامہ مع جراب -

چاق وگندہ - لمیم وشحیم آدمی - فربہ -

چاک - خوانچہ - روٹی وغیرہ کی ٹوکری -

چال - گڑھا - غار - نالہ - گھونسلا چیونٹی کی پہاڑسی - زنبور کا بل -

چالا - بڑا گڑھا یا سوراخ - توا -

چال حوض - زمین دوز حوض -

چالش - کارزار لڑائی - کوشش -

چالہ - بندوق کا پیالہ - خانۂ چشم - غلہ کا گودام - خندق -

چالقوز - پرند کا گوہ - بیٹ -

چامہ - غزل جس کے چند شعر ایک طرح کے قافیہ کے ہوتے ہین -

چامہ سرا - غزل گو -

چانہ - بکواس - بکبک - زنخ - تھوڑی -

چانہ زدن - مول تول کرنا - سودا کرنا - دل لگی کرنا - شیخی مارنا -

چاو - پرامیسری نوٹ -

چاوش - سرجنٹ (فوج کا) رہنما - پیبرت

چاویش - سرجنٹ -

چایش - زکام - سردی خنکی -

چاہ پاک کن - گوہ اٹھا کر لیجانے والا -

چاہی - چائے - ٹی -

چاے - ندی - دریا -
چاہی دم - با
چاہ درست کردن } چار کو دم دینا - تیار کرنا -
چاہی رُبک - ہلکی چار -
چاہی سنگین - قوی چار - گہری چار -
چاہی صبح - ناشتہ - صبح کا کہانا -
چاہی لمسہ - ایک قسم کی عمدہ چار -
چالیش - سردی - زکام -
چبُق - تمباکو پینے کا پائپ -
چپکن - بچوں کے پہننے کا چھوٹا کوٹ -
چبوق - حقہ -
چپاول کردن - لوٹ مارنا - چڑہائی کرنا -
چپانیدن - بھرنا - گھسیڑنا -
چُپ - خاموش ہونا - بات نہ کرنا -
چپ چپ - کہانے یا بوسہ لینے کی آواز -
چپر - چھپر -
چپر - (مخفف چاپار) پیام بر - قاصد -
چپ راہ - مخفی راستہ -
چپ زدن - کترانا - بچنا -
چپق - تمباکو پینے کا آلہ - پیپ -
چپکی - اولٹ پلٹ -

چپکی کار - بائیں ہاتھ سے کام کرنیوالا -
چپلو - بائیں ہاتھ سے کام کرنیوالا -
چپو - ناگہانی غارتگری - ڈاکہ - لوٹ -
چپوق - تمباکو پینے کا پمپ -
چپو کردن - لوٹ لینا -
چپوکن - غارتگر - تاراج و تباہ کرنیوالا - لٹیرا - قزاق -
چپہ - کود پھاند - غل غپاڑہ - چیخ پکار -
چپہ زدن - تالیاں بجانا -
چت چت کردان - چون چون کرنا -
چتر مار - کوکرمتا -
چتہ - تجھے کیا ہوگیا ہے -
چتی - (چتہی کا مفرس) بد اتکنٹ -
چچن - مغلوں کا ایک فرقہ -
چدان - تانبے اور رانگ کی مرکب دھات -
چرا - بیشک - یقیناً - ضرور -
چخماخ - چقماق والی بندوق -
چخمق - قفل بندوق -
چراخور - رمنہ -
چراخوری - چرائی -
چراغ - روشنی -
چراغ الکتریقہ - برقی روشنی -

چراغ الماس ۔ قوت برقی کا چھوٹا صندوق۔
چراغان بزی ۔ چھلاوے ۔ مادہ فاسفورس کی وجہ چراغ نما روشنیاں۔
چراغان پری ۔ پریون کے نام کے چراغ جو پانی مین چھوڑے جاتے ہین۔
چراغ آبی ۔ روشنی تنویر۔
چراغ بحری ۔ منار روشنی ۔ لائٹ ہوز۔
چراغ برقی ۔ الیکٹرک لیمپ۔
چراغ بنگال ۔ رنگ برنگ کی سرخ و سبز روشنی جو برقی مادہ اور رنگین شیشون سے پیدا کرتے ہین۔
چراغ دزدی ۔ جب چراغ کی روشنی کم ہو۔
چراغ فوت کردن ۔ چراغ گل کرنا۔
چراغ گاز ۔ گیس کا لیمپ ۔ گیس کی روشنی
چراغ موشی ۔ چھوٹا لیمپ۔
چراغ منار ۔ / چراغ فانوس } لائٹ ہوس ۔ روشنی گھر
چرانن ۔ چرانیوالا ۔ چرواہا۔
چرائی مال (مصدر ہندی) مویشی کے چرائی کا حق
چرت ۔ خمار ۔ غنودگی ۔ پینک۔
چرت زدن ۔ اونگھنا۔

چرت زدہ ۔ پینکی جھپکی لینے والا۔
چرچاول ۔ ترکی زبان کا لفظ ہے ۔ قرقاول یا کرکاول (جنگلی مرغ) کو کہتے ہین۔
چرخ ۔ پہیا ۔ بیلن ۔ چکر ۔ کل۔
چرخ آسیا ۔ پیسنے کی کل۔
چرخ الماس ۔ برقی پیدا کرنے کا آلہ ۔ الیکٹرک بیاٹری۔
چرخ خیاطی ۔ سیونگ مشین ۔ سینے کی کل
چرخ عصاری ۔ تیل نکالنے کی کل گھانا
چرخ گندوتند ۔ کل کا وہ پرزہ جو حرکت مین اعتدال پیدا کرے ۔ یعنے ریگولیٹر۔
چرخ گر ۔ چاقو تیز کرنے والا۔
چرخہ ریس ۔ کاتنے والی عورت۔
چرخہائے ساعت ۔ گھڑی کے کیل پرزے
چرخیدن ۔ آپ اپنے اطراف پھرنا۔
چرخچی ۔ غنیم کی حرکات و سکنات دیکھنے والی فوج ۔ طلایہ۔
چرقہ آتش ۔ چنگاری ۔ شرارہ۔
چرک ۔ نزلہ۔
چرکس ۔ ایک بہادر اور جفاکش قوم جو داغستان کوہ قاف مین رہتی ہے۔

چرک نشستن - زخم کا پیپ سے بھر جانا۔

چرک شدن - میلا ہو جانا۔

چرم بر شدن - فرسودہ ہو جانا۔

چرند - بیہودہ باتیں - بکواس -

چرند گفتن - لغو بات کہنا -

چرند گو - یاوہ گو - فحش گو -

چرنیق - زورق - ناؤ -

چریک - بیگاری فوج - رنگروٹ جبری
والنٹیر - رضاکار جبری -

چسناک - لسلسا چپچپا -

چشم انداز - منظر - سینری - کھڑکی -

چشم باقوری - بد چشم -

چشم باز - خوب جاگی -

چشم بچیزے تیز کردن - کسی چیز کی
آرزو کرنا - طمع کرنا -

چشم بلبلی - سرخ آنکھیں والا -

چشم ترس - کسی کے ڈرانے سے کسی کا
رعب دل میں بیٹھ جانا -

چشم چرانی کردن - ترچھی نظر سے دیکھنا

چشم خوردن - نظر لگنا -

چشم درشت - بڑی آنکھ -

چشم دریدہ - پھٹی آنکھ والا - بے حیا -

چشم دوختہ - سویا ہوا -

چشم زاغ - سیاہ شربتی آنکھ -

چشم سفید - گستاخ - بے شرم -

چشم سفید شدن - مایوس ہو جانا - ناامید ہو جانا

چشم قاج - نظر کا ترچھا پن -

چشمک - اشارہ - عینک -

چشم کثو - پوت کی آنکھ والا -

چشم کم سو - شارٹ سائیٹڈ - وہ آنکھ جو
نزدیک سے دیکھے -

چشمہ - ویسٹ کوٹ کا کاج (سوراخ بٹن)

چشمیل - خانہ پل - در پل -

چغالہ - خام - کچا - (بادام اخروٹ وغیرہ میووں
کی صفت میں)

چغانہ - ایک ساز کا نام ہے جو ملک چغان میں بجتا ہے

چغلہ }
چغالہ } کچا پھل جو کھانے کے قابل نہ ہو -

چغول - چغل -

چغلی کن - جسکو ہندوستان میں چغل خور کہتے ہیں -

چفت - سقف (چھت یا لکڑی کی جالی دار) [illegible] -

چفتہ - [illegible]

چفت کردن - چٹخنی یا بلی لگانا۔
چغلک - سلطانی یا شاہی ملک۔
چفت مو - مرکب ہے چفت یعنی ٹٹی۔ اور مو
مفرس انگریزی (میو) پنجرہ سے یعنے
پنجرے کی ٹٹی۔
چفتہ - گیند (کرکٹ) کھیلنے کا بات - جالی۔
چفتہ و ریزہ - کھٹکہ - کنڈی۔
چفتی - زنجیر۔
چک - (مفرس انگریزی چیک) ہنڈی - برات۔
چکاچک - جھنکار (تلواروں کی)
چکارہ - کیا کام کرنے والا۔
چکامہ - قصیدہ۔
چکلتق - اڈا ستکروں کا۔
چکش - ہتوڑا - گھن۔
چکش نجار - دفالی کل کا ہتوڑا۔
چکش کردہ - پختہ کی ضد - صفا ساختہ -
بنایا ہوا۔
چکمہ - چمڑے کا صندوق۔
چخماق - بندوق کی چاپ۔
چکمہ - لانگ بوٹ - موزہ۔
چک و چیل - چہرے کے نیچے کا حصہ۔

چکلہ یا چکہ - قطرہ - بوند۔
چکہ - قطرہ - بوند۔
چکہ چکہ - قطرہ - قطرہ۔
چکہ چکہ در قلب ریختن - رفتہ رفتہ دلنشین کرنا۔
چکہ کردن - مقطر کرنا۔
چگنک - (بالکسر) چوچنچ - منقار۔
چل - تیتر - تیہو۔
چلاق - لولا۔
چلاق پا - مڑے یا ٹیڑھے پیر والا۔
چلاق دست - ہر چیز کو توڑ دینے والا - اناڑی۔
چلاندن - نچوڑنا - دبانا۔
چلپک - گملا جس میں درخت لگاتے ہیں - گلدان پیالہ
چل چل زبان - فرفر باتیں کرنیوالا - (بچہ)
چلچلہ - پرستک - ابابیل۔
چلپشہ کردن - ترسانا - للچانا۔
چلغوز - پرندوں کی بیٹ۔
چل قدمی کردن - ہوا خوری کرنا۔
چلک - نہانے کا ٹب - تغار - چپا۔
چلک فرسلی - (دراصل چلپہ مشتاں کی ڈنڈا
چلو - بگھار کھانا (چاول)
چلواری - لٹھا (قسم کپڑے کی)

چلو صافی - چاول چھاننے کی تانبے کی چھلنی -

چلوق - (ت) ایک قسم کی چڑیا -

چلۂ بزرگ - چالیس روز کی سخت گرمی جو
۲۳ جون سے شروع ہوتی ہے -

چلۂ کوچک - بیس روز کی وہ گرمی جو چلۂ
بزرگ سے پہلے ہوتی ہے -

چلنیک - پایہ دار کونڈی -

چماخم - حرکت جنبش - اہتزاز -

چماغ - ہاتھ کی لکڑی -

چماق - سونٹا جس کا نچلا سرا موٹا یا بھاری
ہو - ڈنڈا - گرز -

چماق بردار - یساول -

چمپاتمہ زدن - اکڑوں بیٹھنا -

چمبرہ - پہئے کی مرکز - پھٹا - کنڈل - پیچ کو بٹھانا -

چمچہ زدن - کھینا - ناو چلانا -

چمن - خود رو بیل بوٹے - گھاس -

چمنا - (جمع چمن) واضح ہو کہ اردو میں اکثر یا
کبھی (ہا) کی جگہ حرف الف سے جمع بناتے ہیں
جیسے سگہا - اسپہا - کی جگہ سگا - اسپا وغیرہ

چموش - غریب - سہنہ سور - (گھوڑے یا خچر گدھے
کی صفت میں)

چموش - چمڑے کا دیہاتی موزہ -

چناق قلعہ - چینی سازی کا مکان قسطنطنیہ
کے مضافات سے -

چنبر / چنبرہ - دائرہ - حلقہ -

چنتہ - درویشوں اور فقیروں کا تھیلا -
جھولی - زنبیل -

چنگ - چونچ -

چنگال - فارک یعنی کانٹا -

چنگ چنگ - ذرا ذرا - مٹھی مٹھی -

چنگک - چونچ بھر - منہ بھر -

چنگی - (یا نسبتی) چنگ نواز - گائن -
آوارہ - بدمعاش -

چو افتادن - لوگوں کی زبانی بے فروغ
باتوں کا پھیلنا - افواہ اڑنا -

چو انداختن - جھوٹ یا سچ بات کو مشہور کرنا

چوب بر زمین زدن - کسی حاکم یا فرمانروا
کا اپنا رعب لوگوں کے دلوں پہ بٹھانا -

چوب لبق - انگور کی تاک یعنی دار بست -

چوب خط - وہ لکڑی جس پہ شمار کیلئے
دندانے کھودے گئے ہوں -

چوب پوش - میوہ فروش کی دوکان -

چوب چپق - پائپ -

چوب خیزران - بانس - بنبو -

چوبدار - (ڈاک وغیرہ کا) کھم -

چوب دست - چبوترہ - مچان - پلیٹ فارم - چھڑی -

چوب سگار - سگریٹ پینے کا پائپ -

چوب ضرہ - مکہ کی خشک ٹہنی -

چوب قطور - موٹی اور گول لکڑی - بلی -

چوب کاری کردن - چھڑی یا بید سے مارنا -

چوب کشیدن - کوڑے سے سزا دینا -

چوبہ - روٹی بیلنے کا بیلن -

چوبہ دار - سولی - پھانسی -

چوب ترکہ - نرم چھڑی -

چوپوق لو - (ت) ایک قوم کا نام -

چودان - چودن یا چدن - چھت لگا ہوا الو -

چوچہ - مٹھائی بنانے کا بیلن -

چوچک - کھوٹا سکہ -

چوری - چھوٹے چھوٹے چوزے -

چوغک - حساب کی لکیریں کرنے کی لکڑی

چونک - جو بیوپاریوں اور قصابوں کے پاس ہوتی ہے -

چوقا - جبہ - فقرا کا لباس -

چول - افتادہ زمین - ویران زمین - بنجر -

چولہ - جوف - خالی -

چولا - چھوٹا سوراخ یا گڑھا -

چولہ پشت - خار - ساہی - فصحا کی زبان پر یہی خوب ہے -

چون - مقصد - مبرز - فصحا نے ترک کر دیا ہے -

چہار پائی - چارپائی کا مفرس - پلنگ -

چہار چوب - چوکھٹا (دروازے وغیرہ کا)

چہار سو - چوراہا -

چہار مقابلہ - چارگنا -

چہار میخ کردن - ایک قسم کی سزا -

چہار نعل رفتن - سرپٹ دوڑانا -

چہ بازی - کس قدر کیسا جھوٹ -

چہرہ - بے ریش ملازم - نوکر -

چہل چراغ - بلوری جھاڑ - فانوس -

چہل ستون - بارہ دری -

چیت - چھینٹ -

چیر - فریاد - گریہ وزاری -

چیرہ دستی - اوستادی - ہوشیاری -

چیز خور کردن - کسی کو پوشیدہ طور پر زہر دیکر مار ڈالنا -

چیز فہم - عاقل - دانا -

چیزہائے انتیک - عجوبہ چیزیں - نفائس -

حُجّت - تمسک - معاہدہ -
حجر الحاکوک - آتش فشان پہاڑ کا پگھلا ہوا مادہ لاوا
حجر امتحان - کسوٹی - محک -
حُجرہ - دفتر -
حجر اداری - انتظامی طور پر کسی کو گرفتار کرنا -
حجریت - سڑک پر پتھر بچھانا -
حجی حجی دادن - ترسانا -
حراج - (بہ تخفیف رار) نیلام - آکشن -
حرّاج - (بہ تشدید رار) نیلام کرنیوالا - آکشنر -
حرّاف - بکی - باتونی - پرگو - بتانے اور
خبر دینے کو طیار -
حرّافی - پرگوئی - بکواسی -
حرّافہ - تارپیڈو -
حرام - بلانکٹ - کمبل -
حربیہ - محکمہ جنگ -
حرش - جنگل - بن -
حرف - کہاوت - مثل -
حرف بردن - غیبت کرنا - چغلی کھانا -
حرف بہ گلّہ خوردن - ناخوش ہونا - رنجیدہ ہونا -
حرف بہم بافتن - بات کو طول دینا -
حرف پہلودار - گول مول بات -

حرف را کشیدن - بات کو طول دینا -
حرف شق - ہذر کلام یا الفاظ مغلقانہ -
حرف قالبی - بنائی ہوئی بات -
حرف کسی بہ باد دادن - کسی کا مہمل کلام کہنا
بے نتیجہ گفتگو کرنا -
حرف مفت - لغو - پوچ اور بیمعنی بات -
حرف میان حرف زدن - قطع کلام کرنا -
کسی کی گفتگو مین بول اوٹھنا -
حرفی نیست - (محاورہ) کوئی حرج نہین -
حرکانی - جہاز یا کشتی کا رہنما -
حرکت - جنبش - ایجیٹیشن - بغاوت -
روانگی - کوچ -
حرکت نظامی - نقل جنگی -
حروف سربی -
حروف طباعت } چھاپے کے حروف ٹیپ -
حرون - بدلگام گھوڑا -
حُرّیت - آزادی - آزاد خیالی -
حزب الاحرار - لبرل پارٹی -
حزب البدر - اناث کا طبقہ جو سیاسیہ
(مُدبّرہ) بدر کا پیرو ہے -
حزب الاستبدادیون - کنزرویٹو پارٹی -

حزب المحافظین ۔ کنسرویٹو پارٹی۔
حساب ۔ بل ۔ مطالبہ۔
حساب بپای کسے نوشتن ۔ کسی کے کھاتے مین لکھنا
حساب پرداختن ۔ حساب کا تصفیہ کرنا۔
حساب جاری ۔ روزمرہ کا حساب۔
حساب خاطر کسے بودن ۔ یاد رہنا۔
حساب دست بودن ۔ حساب سے واقف ہو جانا۔
حساب فروش ۔ بکری کا حساب۔
حساب مفروغ کردن ۔ حساب بیباک کرنا۔
حسیات ۔ جذبات
حشری ۔ شہوت پرست ۔ عیاش۔
حشمتلو ۔ (اعلیحضرت) بادشاہ کا خطاب ۔ زبان ترکی ہے
حشیش تاشقف ۔ کٹی ہوئی سوکھی گھاس۔
حصار تختہ ۔ جنگلا ۔ کٹہر۔
حصوہ ۔ پتہل ۔ گارہ کا پتھر۔
حضارت ۔ تہذیب ۔ شائستگی ۔ تمدن۔
حطا ۔ ایک سبز پتے کا نام۔
حفار و نقار ۔ سفر مینا کی فوج۔
حفلات ۔ جلسہ ۔ مجلس۔
حقانیہ ۔ عدالت کا سررشتہ۔
حق الزحمتہ ۔ محنتانہ ۔ اجرت۔

حق السعی ۔ دلالی ۔ دستوری ۔ کمیشن۔
حق السکوت ۔ خاموش رہنے کیلئے رشوت۔
حق القدم ۔ ڈاکٹر، ناظر وغیرہ کے آنے کی فیس ۔ محنتانہ
حق القدمی ۔ فیس (ڈاکٹر وغیرہ کی)
حق الکلام ۔ بیرسٹر یا وکیل کی فیس۔
حق المرور ۔ محصول راہداری ۔ چنگی۔
حق النفس ۔ فیس۔
حق بحقدار رسان ۔ فریادرس ۔ چارہ ساز۔
حق مرور ۔ مال وغیرہ کی روانگی کا محصول۔
حقوق ۔ قانون ۔ لا۔
حقہ ۔ ڈبا (گڑاکو پینے کے حقہ کو غلیان کہتے ہین)
حکایت غرامیہ ۔ ناول۔
حکم دار ۔ ویسراے۔
حکومت دستوری ۔ کانسٹیٹیوشنل گورنمنٹ
حکومت عرفی ۔ پنچایتی حکومت ۔ آربیٹریری گورنمنٹ
حکومت عوضی ۔ بادشاہ کے بدلے کی حکومت ۔ ریجنسی
حکومت نیابیہ ۔ ریجنسی۔
حکومتی ۔ سرکاری ۔ آفیشیل۔
حکہ ۔ مرض ابنہ۔
حکیم باشی ۔ طبیب شاہی ۔ افسر اطبا۔
حلبی ۔ ٹین قلعی ۔ ٹین کا ڈبہ۔

حلبی سازی ۔ ٹین کا کام

حلجلہ ۔ کھڑکھڑاہٹ ۔ گڑگڑاہٹ ۔

حلفاج ۔ حلیف ۔ شریک ۔ رفیق ۔ معاہد ۔

حلوائی ۔ حلوائی ۔

حلوائے درختی ۔ کیلا ۔ موز ۔ انجیر ۔

حلویات ۔ مٹھائیاں کیک وغیرہ ۔

حمام بخار ۔ وہ حمام جہاں گرم بھاپ سے نہایا جاتا ہے

حمام چوبی ۔ دریا (ندی) میں بنا ہوا حمام

حمام زنانہ ۔ آشوب ۔ غل غپاڑہ ۔ شور و غل ۔ جھگڑا

حمل و نقلچی ۔ فارورڈنگ ایجنٹ ۔

حمایت ۔ وہ سلطنت جو کسی قوی تر سلطنت کی نگرانی میں ہو ۔

حنا ۔ مہندی (پادری)

حنائے بہر ناخن ۔ نیل پالش ۔ حیلہ ۔ مٹنے والی چیز ۔

حنوط کن ۔ ملبان لگانے والا ۔

حوادث محلی ۔ مقامی واقعات یا خبریں ۔

حواس پریشان شدن ۔ بدحواس ہونا ۔

حوالہ ۔ بل ۔ مطالبہ ۔ مطالبہ ۔ بالتوجہ ۔

حوالہ شو ۔ قابل انتقال ۔ تبدیل یا تفویض ۔

حوالہ کردن ۔ اختیار دینا ۔ اجازت دینا ۔

حوالہ نامہ ۔ چک ۔ بل ۔

حیوان غیر ولود ۔ انڈے دینے والے جانور ۔ انڈج ۔

حیوان ولود ۔ جننے والے جانور ۔

حوش ۔ صحن ۔ آنگن ۔

حوش شہر ۔ مضافات شہر ۔ سواد شہر ۔

حوصلہ کسے سر رفتن ۔ زیادہ صبر نہ ہو سکنا ۔

حوض چار دیواری ۔ وہ حوض جو زمین سے اونچا ہو

حوض خانہ ۔ حمام ۔ گرمابہ ۔

حوض خانہ کاری ۔ وہ حوض جس پر چھت ہو ۔

حوض ہشتی ۔ آٹھ گوشے کا حوض ۔ حوض مثمن ۔

حول ۔ صدمہ ۔ آفت ۔

حولو ۔ آڑو ۔ شفتالو ۔

حول و حوش ۔ آس پاس ۔

حولہ ۔ تو‌ال ۔

حویج ۔ گاجر ۔ زردک ۔

حیاط ۔ صحن ۔ انگنائی ۔ احاطہ ۔

حیدری ۔ مروت ۔ اخلاق ۔ ہمدردی ۔ فیض

حیزی ۔ لواطت ۔ بچہ بازی ۔

حیف پول ۔ فضول یا نکمی چیز ۔

حیف نان ۔ نکما یا کاہل نوکر ۔

حیلہ بسلہ - حیلہ حوالہ -
حیوانِ الیف - پالتو جانور -

باب خائے معجمہ

خاتم سازی - پچی کاری - ہڈی کا کام کرنا -
خاتون ج خواتین - شریف عورت - لیڈی -
خاتونِ شہروز - پھوپھی -
خاج - صلیب -
خاخاخا - قہقہہ مارنا -
خاخام - یہود کا پیر -
خار - (بلا واو) ذلیل حقیر -
خارج الفوج - سیول افسر جسکو فوجی
عہدہ حاصل نہو -
خارجی - سنّی - اہل سنت وجماعت -
(شیعوں کا محاورہ) نیز وہ طالب علم
جو دار الاقامہ میں نہ رہتا ہو -
خارجیہ ناظری - وزیر خارجہ -
خارخار کردن - سرسرانا - سرسری پیدا کرنا -
کھجلانا -
خارطہ - زمین کا نقشہ -
خازن الملک - مہتمم خزانہ عامرہ - لارڈ ٹریزرر -

خاصہ چین - رات کو پاخانہ صاف کرنیوالا -
خاطر - تصور - خیال -
خاطر آمدن - یاد آنا -
خاکِ آسیا - سرزمین ایشیا -
خاک انداز - بیلچہ -
خاک بوس - زائر - زیارت کرنیوالا -
خاکِ خالی - بے درخت زمین -
خاک دادن - کھجور کے درخت میں تخم دینا -
خاکدان - مقبرہ جہاں بزرگوں کے مزار ہوں -
خاکروب کش - بھنگی - حلال خور -
خاکریز - فصیل کی منڈیر -
خاک ریزہ - فصیل - شہر پناہ -
خاک کردن - دفن کرنا - دفنانا -
خاکک - لفافہ - جلد کی بھوسی -
خاک کش - گھاس وغیرہ جمع کرنیکا آلہ -
خاکم بدہن کسی امر کے انکار میں قسم کھانا -
خاک نشین - معتکف -
خال - کھیلنے کے مہروں کا ایک نشان مثلاً
پان یا اینٹ -
خالصجات یا زمین خالصہ - شاہی
اراضی یا ملک -

خالصہ ۔ علاقہ شاہی ۔
خالصۂ دیوان ۔ ملک صرف خاص ۔ شاہی جائداد ۔
خالصۂ متولی ۔ وہ جاگیر جو حسن خدمات کے صلہ میں دیجائے
خالو ۔ دیکھو ۔ بھالو ۔
خانہ رو و رو ۔ باربار آنے جانیوالا ۔
خالی کردن ۔ بندوق فیر کرنا چلانا ۔ نشانہ لگانا
خامہ دان ۔ قلمدان ۔
خامہ رو ۔ قلمرو ۔ ممالک محروسہ ۔
خان ۔ ہوٹل ۔ سرائے ۔
خاندار ۔ خاردار بندوق ۔
خان باجی ۔ بڑی بہن ۔ آپا ۔
خان صدر تالار ۔ میر مجلس ۔
خان کشتی ۔ توپ یا بندوق کی نال میں خار بنانا
خانم پاشنہ طلا ۔ نازک عورت ۔
خان وار ۔ مکان ۔ حویلی ۔
خانۂ اجاق ۔ شریف خاندان مقبول خاندان ۔
خانہ بریدن ۔ سیندھ لگانا ۔
خانہ بدوش ۔ غیر مقیم جو مشہور کام سے ۔
خانۂ حاکم شرع ۔ عدالت دیوانی ۔
خانۂ شاگرد ۔ وہ چھوٹا لڑکا جو زنانہ میں اور مردانہ میں پیغام رسانی کرتا ہو ۔
خانۂ کاہی پوش ۔ جھونپڑی ۔
خانۂ کپری ۔ سفال پوش مکان
خانۂ مندرس ۔ افتادہ مکان ۔ گرا ہوا مکان
خانۂ جیب ۔ جو کسی کے بس یا اثر میں ہو ۔
خانۂ غلامان ۔ سشمہ دتی اکو ۔
خانہ مالی کردن ۔ خوشامد کرکے موافق کرلینا اپنا بنا لینا ۔
خبازخانہ ۔ نان بائی کی دوکان نانبائی خانہ ۔
خبر تراش ۔ بیہودہ واقعات بیان کرنیوالا
خبرنگار ۔ کارسپانڈنٹ ۔
خبزا فرنجی ۔ ڈبل روٹی ۔
خبیث ۔ ناشائستہ ۔ بدتہذیب ۔
خبیر ۔ ماہر عارف ۔
خداحافظی کردن ۔ خیرباد کہنا ۔
خداوندگار ۔ خداوند نعمت ۔ ولی نعمت ۔
خداوبش کردن ۔ بھلا دیا کرنا ۔
خدمانی ۔ افسوس ۔ واقوس
خدمتگار سیاہ ۔ حبشی غلام ۔
خُرّہ ۔ ایک قسم کی گھاس ۔
خراب ۔ منہدم ۔

خرابانی - بدزبان بیہودہ شاعر -

خراطی کردن - خراد کرنا -

خراطین - کینچوا - جدید فارسی میں بطور واحد مستعمل ہے -

خرافات - علم الاصنام - میتھالوجی -

خربندہ - گدھے والا -

خربوزہ گورگابی - بڑا عمدہ خربوزہ -

خرت و پرت - ترن ترن - اگرم بگرم - ٹکڑے ٹکڑے -

خرج بندر - اتری گھاٹ کا -

خرحبین - بیگ رتیلا -

خرحل - ایک قسم کا پرندہ -

خرحمالۃ الحطب - وہ شخص جس کو دوسروں کے قصوروں کا ملزم ہونا پڑتا ہے -

خرخاکی - ایک جانور -

خردیش خانہ نشین - بے غمی - بےفکری -

خرمد کردن - تڑانا - بجھنا - سیدھا کا -

جزوہ بخش ناپذیر - (جزو لایتجزی) یعنی وہ ٹکڑا جس کا پھر کوئی ٹکڑا نہ ہو سکے -

خردہ پیوند ناگسل - (جزو لاینفک) یعنی وہ حصہ جو ٹوٹ نہ سکے -

خردہ خرج - اخراجات خفیف -

خردہ دخل - بالائی آمدنی - فتوح -

خردہ ریز - سفر کا مختصر سامان -

خرد و مرد - ریزہ ریزہ - ٹکڑے ٹکڑے - تباہ شدہ -

خرزہرہ - ایک قسم کا درخت -

خرس بازی دادن - ریچھ نچانا -

خرسک - کمل -

خرطوش - چیتھا - تنخواہ -

خرقہ - کلوک - ایک قسم کی عبا - صدری -

خرک چی - گدھے والا -

خرگ - انگارہ - سلگی ہوئی چنگاری -

خرند - ایک کشادہ راستہ جو گھروں اور باغوں کے اطراف بنایا جاتا ہے -

خروجی - پیش گاہ - رواق - ایوان -

خروشک - (بندوق کی) ہتھوڑی -

خروکت - گوبریلا -

خروفر - غیر ضروری سفری اسباب - بوریا بندھنا -

خریت - بے وقوفی - حمق - گدھا پن -

خریطہ - زمین کا نقشہ -

خزانہ غسل خانہ حوض - برتنوں کی الماری

خزانۃ السلاح - مخزن - سلاح خانہ -

خزانۂ مالیہ - فنانشل ٹریژری -

خز پُشت - وہ کیڑا (ہلکا) جو بازار میں سوتا ہے -

خزخزو - پھسلن پتھر -

خزن دار - پے ماسٹر -

خزدک - جھینگر -

خزیدن - جانوروں کا اپنے سوراخوں میں جانا -

خسارتِ جنگ - تاوانِ جنگ -

خستن - ایذا دینا - زخم لگانا -

خستہ خانہ - دار الشفاء -

خشت مال - اینٹ بنانے والا -

خش خش - کپڑے یا سانپ کے لہرانے کی آواز -

خش رُو - بد وضع - سخت رو -

خشک رگ - اچھی نسل کا -

خشکِ مقدس - اداس - ریاکار زاہد -

خشکی - قبض -

خشو - کھیڑا - موضع -

خشیت - خوف -

خصوصی - خانگی - نجی - ماہر علم خاص - اسپشلسٹ -

خط - گاڑی کا راستہ -

خطاب - لکچر - تقریر -

خطابت - تقریر کرنے کا علم -

خطبہ - لکچر - اسپیچ - تقریر -

خطبۃ الصدارۃ - } افتتاحی اڈریس -

خطبۃ الریاستہ } پریسیڈنشل اسپیچ

خطبۂ غرا - فصیح و بلیغ اسپیچ -

خطبۂ مناظری - فصیح و پر جوش تقریر - (لکچر) ایک آتش بیان مقرر کے نام سے منسوب -

خطبۂ وداع - کسی بڑے آدمی کی روانگی کے وقت جو اڈریس دیا جاتا ہے -

خطِ ایلغار - فوج کی چڑھائی کرنے کی راہ -

خطِ تلگراف - ٹیلی گراف لائین -

خطِ تلگرام - تار برقی -

خطِ چلیپا - ترچھا خط - معوج تحریر -

خطِ درشت - جلی خط -

خطِ راہ آہنی - ٹرام وے کی راہ -

خطِ راہ آہن - لوہے کی پٹری جس پر ریل گاڑی چلتی ہے -

خطِ راہ مکہ - کہکشاں -

خطِ ریزہ - باریک یا خفی تحریر -

خطِ ساعت - گھڑی کا ہندسہ -

خطِ سبز - ڈاڑھی اور مونچھ کا سبزہ (رُواں)

خطِ شریف - فرمان شاہی۔

خط کش - زدلہ۔

خطِ قبطی - تصویری زبان۔

خطِ معرفی - تقریب یا تعارف کا رقعہ۔

خطِ ملاقی - }
خطِ مماس - } چھوتی ہوئی لکیر۔

خطِ نار - صف جنگ۔

خطِ نہضت - وہ راہ جس سے فوج پس پا ہو کے لوٹتی ہے۔

خطیب - مقرر۔

خفا شو - چپ رہو۔ زبان بند کرو۔

خفقت یا خفقتِ کمند - شرک پھندا۔ شرک پھانسی۔

خُفتو - ڈراؤنا۔ کابوس۔

خُل - ڈھیلا۔

خلا - پائخانہ۔ آبریز۔

خلا پاک کن - مات کو پائخانہ صاف کرنے والا۔

خلافِ قانونِ دولتی - جو سرکاری ضابطے کے موافق نہ ہو۔

خُل دمنگ - تند۔ تند خو۔ بیرحم۔ وحشی۔

خلسہ - حالت وجد یا بیخودی۔

خِلط - سونے (زر) کا میل۔

خُلع - استعفاء۔

خِلعت پوشاں - وہ مقام جہاں بادشاہ اعزاز و اختطاب عطا کرتا ہے۔

خلق الساعۃ - دو روزہ۔ عارضی۔ چند روزہ

خلقتِ معیوب - مادرزاد اپاہج۔

خلل و فرج - کھوکھلا۔

خلوت - خالی جائداد۔

خلیلی - پتھر کڑی۔

خلیہ - چھتہ۔

خمار شکن - صبح یا دوپہر کا شربت جو نشہ کے اثر کو دور کرنے کے لئے پیا جاتا ہے۔

خمارہ - میخانہ۔ شراب خانہ۔ مسافر خانہ۔

خمام - خس و خاشاک۔

خمپارہ - بم کا گولہ۔

خمیرہ - گولہ (توپ وغیرہ کا)

خم بہ باغ کسے زدن -
خم بہ باغ کسے گل کردن - شراب کا نشہ چڑھنا۔

خمرہ - مٹکا۔ سبو۔

خندہ توپی کردن - کھلکھلانا۔ ٹھٹھی کرنا۔

خُنَک - تازہ -
خَوابِیدہ - بیٹھا ہوا - فرسودہ - متروک -
خَواجگی - سرداری - وزارت -
خَواست - خواہش - مشیت -
خَواستگار - عاشق -
خَواصہ تَراش - شاہی حجام -
خَوانَندہ - قوال - گویّا -
خَواہَرانِ تَرَحُّمِ دِینی - راہبہ عورت - ننز -
خَواہَرِ دِینی - راہبہ عورت - رومن کیتھولک نن -
خَواہَر شوہَر - بہنوئی (بفک اضافت -)
خُوبِ لہجہ - بامحاورہ -
خُوج - مُنقا - الو -
خُودَیت - خفا - غصہ -
خُودَیت کردن - غصے ہونا -
خُود داری - غصہ پی جانا اور مصائب پر مستقل مزاج رہنا -
خُود را باختن - کسی واقعہ کے سننے یا دیکھنے پر گھبرا جانا - اور حواس باختہ ہو جانا -
خُود را تخت گرفتن - خوب تان کر لمبا ہو کر لیٹ جانا -
خُود سرانہ - استقلالاً -

خُود مانی - ایک رنگی - ایک جہتی - یگانگی - بے تکلفی -
خُور - کھاڑی - خلیج -
خُور خُور - غرہ - سکرات - وقت مرگ کی آواز -
خُورد و خمیر شدن - بھر کس نکلنا - نیلگوں ہونا -
خُوردہ آب - آب خورہ -
خُورہ - جسم کے ایک حصہ کا بجس اور متعفن ہو جانا -
خُوش آمد کردن - مبارک باد دینا -
خُوش ترکیب - سڈول -
خُوش تعارف - خوش اخلاق -
خُوش رگ - نجیب - شریف -
خُوش سر و صورت - ملیح -
خُوش سیما - خوب صورت -
خُوش صحبت - دلچسپی سے بزم میں کلام (بات) کرنے والا -
خُوش قوارہ - خوش قطع - قبول صورت -
خُوش گل - خوشنما - خوبصورت -
خُوش مست - زندہ دل -
خُوش گلی - خوب صورتی -
خُوک آبی - ایک دریائی جانور -
خُوک چران - سور چرانے والا -

خوک دِہ - بچو۔

خون خواہ - خون بہا لینے والا۔

خون دار - قاتل۔

خون ریزش - جریان خون کی بیماری۔

خونِ عمدی - قتل عمد۔

خونی نجوئی نشستن - چارہ سازی وچارہ جوئی کرنا۔

خوش تاب - منوّر بالذات۔

خوی کردن - پسینہ لانا۔

خیابانِ دولتی - سرکاری راستے کے دورویہ درخت

خیال - نائٹ - جو ایک مشہور نغمہ ہے۔

خیالاتِ بکر - اچھوتے خیال۔

خیالہ - گھوڑوں کا رسالہ۔

خیر - نہیں۔ نہ۔ (نفی کا اخلاقی کلمہ)

خیر باشد - ایک چھینکے تو دوسرا شخص کہتا ہے خیر باشد (زردشتی رسم ہے)

خیر خیر - نہیں نہیں۔ ہرگز نہیں مطلق نہیں۔

خیرش را بہ بینید - جب بڑا تاجر چھوٹے تاجر کو مال فروخت کرچکتا ہے تو یہ جملہ زبان پہ لاتا ہے۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ برکت ہوگی۔

خیرہ سر - بے شرم و بے پروا آدمی۔

خِصیش - تر۔

خیش - ہل - جوا۔

خیش شدہ - مزروعہ۔

خِیک - مشک۔

خیکو - شکیزہ۔

خیکہ - بڑی مشک۔

خینگ - پانی لانے کی مشک۔

خیوق - شہر خیوا۔

خیولت - شہسواری۔

باب دال مہملہ

داخلِ آدم شدن - مرتبہ کا آدمی ہونا۔ صاحب جاہ ہونا۔

داخل جمع وخرج - قابل اعتبار۔

داخلی - بورڈنگ میں رہنے والا سکول کا کیڈٹ۔

داخلی مدرسہ - وہ سکول جس میں بورڈنگ ہو۔

داخلیت - ہوم ڈیپارٹمنٹ - ملک کے اندرونی انتظامات کا سررشتہ۔

داخلیہ ناظری - وزیر داخلہ۔

داد - شور - غل - پکارا۔

داد زدن / جیغ زدن } توتے کا بولنا۔ چرغنا۔

دارِطلب - دعویٰ یا حوصلہ کرنے والا۔
دارُالآثار - قدیم اشیا کا عجائب خانہ۔
دارُالتحف - میوزیم - عجائب خانہ۔
دارُالسعادۃ - قسطنطنیہ۔
دارُالشورائی ملتی - قومی پنچایت۔
دارُالعجزہ - اپاہج خانہ۔
دارُالعیار - ضراب خانہ - ٹکسال - دارالضرب۔
دارُالفنون - مدرسۂ حربی - جنگی مدرسہ۔
شاہ ناصرالدین کا بنایا ہوا مدرسہ۔
دارالایتام - یتیم خانہ۔
دارات - داب - کروفر - شان و شکوہ شاہی۔
دارائی - دیوانی کا مال - کل مال جو کسی جماعت
- شہر یا قبیلہ یا کسی حقیت سے تعلق ہو۔
داراۓ نشانات - تمغے اور اعزاز کے
نشان حاصل کیا ہوا شخص۔
دارع - زرہ پوش جہاز۔
دارکتان - ٹھُد ٹھُد - کٹھ بڑھی۔
دارکوب - کٹھ بڑھی۔
دارمک - ٹھُد ٹھُد - کٹھ پھوڑا۔
دارموش - گلہری کی قسم کا ایک جانور۔

داروغہ - شب گرد - پولیس کا افسر۔
داروغۂ گزمہ - کوتوال۔
داز دن - (ہنڈی کا روپیہ) نہ دینا - نہ سکارنا۔
داس - باغبان کی ہنسیا - درانتی۔
داش تولک - گریز کیا ہوا - پرچھاڑا ہوا لشکر۔
داش مشتی - شوچھین - پھولن۔
داعی - مامون۔
داغ - ت - پہاڑ۔
داک یا دوک - جہازوں کی مرمت گاہ۔
دال - گدھ - کرگس۔
دالان - سقف دار راستہ - پٹا ہوا راستہ۔
داماد - دولہا۔
دامانہ شدہ - ان بیاہا - مجرد۔
دام دنورہ - تیماردار عورت۔ دایہ - نرس۔
دامن کوہ - پہاڑ کے نیچے کا جنگل۔
دامیار - وہ شخص جو شکار کے کام میں استاد ہو۔
دانتلہ - پیک - گوٹہ۔
دانش پژوہ - طالب علم۔
دانہ - شل کا گولہ۔
دانہ سیلی - ایک قسم کی بیر۔
دانیمارک - ڈنمارک (یورپ کا ایک شمالی ملک)

داوری - دادخواہی - دادرسی - نیز بمعنی مرافعہ -

داوری بردن - دادخواہی کرنا ۔

داوری کردن - دادرسی کرنا ۔

دادطلب - وادئیر -

دائی - ماموں -

دائرکتور - ڈائرکٹر -

دائرہ - کھنجری - رباب - جہانج دار باجہ - صیغہ -
محکمہ - سرکل -

دائرۂ خاصہ - علاقہ صرف خاص (جائداد سلطانی)
کا انصرام -

دائرۃ الرسومات - چنگی خانہ -

دائرۃ السنیہ - معدیٔ قرض -

دائرۃ العلوم - انسائیکلوپیڈیا -

دائرۃ المعارف - انسائکلوپیڈیا -

دائزہ - ماں کی بہن - خالہ -

دباسی - مترجم - ترجمان -

دباشش - پتلی - کولی -

دبرق - ڈیرے کا ڈنڈا

دبغ - تیزاب - کھٹائی - ترشی - اسیڈ - قابض -
تلخ یا کسیلی چیز وغیرہ -

دبق - داستہ

دبنگ - پاگل - سودائی -

دبنگ گوز - گاودی - بے وقوف (سوقیانہ زبان میں)

دبور - بھڑ -

دبوس - پن - گھنڈی والی سوئی ۔

دبوسہ - جہاز کی کوٹھری - کمرہ -

دبہ - جھگڑا - ڈبہ -

دبہ جی - جھگڑا یا معاملہ کرنے والا -

دبیر یا مدیر - اڈیٹر - دبیر الملک - سکریٹری آف اسٹیٹ -

دبیر روزنامہ - ایڈیٹر -

دبیکلی - چھوٹا آدمی -

دیلوما - سند -

دخان - سگریٹ - چٹا -

دخانیات - سگریٹ وغیرہ -

دختر - دوشیزہ - ان بیاہی -

دختر آغا - مرغ کی آواز (ہندستیوں کے خیال میں)

دختر دریائی - دریائی پری - جل مانس -

دختری - کنوارپنا - بکارت -

دخل - غلہ (رقم) کا صندوق -

دخل ویولی - طمع -

دخیل - معاف فرمائیے - بخشئے -

دخیل دخیل - رحم رحم - !

دَدَہ - آتالیق عورت -
دَدَہِ سیاہ - حبشن باندی -
دَراب - تالاب -
دَرّابی - ہانکنے والا -
دَرّاج - بہت بولنے والا -
دَرّاجہ - بائیسکل -
دَرازنا - درازی - طول -
دَراقون یا دَراکون - ترکی سپاہی -
دَرآمَدہ - خمیر کردہ -
دَران مرتبہ - یہانتک -
دَرائیدَن - نے وغیرہ کا بجانا -
دِرایِشن - اثر - تاثیر -
دَرب - گھاٹی - دروازے کے سامنے کا کوچہ -
دَربُ النّار - بندوق چلانے کا ہنر -
دَرب بالتیم - گولہ باری کرنا -
دَرب بالبُوئیہ گولہ باری کرنا -
دَربند - صف باندھ کر چلنا -
دَریک پاشنہ گردیدن - ایک ہی لت پر رہنا -
دَرتاب - الہام -
دَرج - سیڑھی - نردبان -
دَرجات الکہنوت - پوپ کے احکام یا فرمان -

دَرجہ حرارت - ٹمپریچر -
دَرجہ ہوا - ہوا کی گرمی کا درجہ -
دَرحال - اسی وقت - فوراً -
دَرخانہ - دربار شاہی - دولت خانہ شاہی -
دَرخت بلوط - سپاری کا درخت -
دَرخت مِنن موز (کیلا) کا درخت -
دَرخت جہاز - مستول -
دَرخت عشقہ - عشق پیچان -
دَرخت کاج - سرو کوہی -
دَرخت کُت کُن - بدہد - بڑھی -
دَرخواہ - التماس - گذارش -
دُرّدانہ - اکلوتا بیٹا -
دَرزدہ - مورچہ بندی -
دُرب (فوجی محاورہ) ٹھہرو تھم جاؤ -
دَررفتن - ہاتھ پیر وغیرہ کا سرک جانا -
دَررفتہ - ہٹایا ہوا - نکلا ہوا -
دَررو - کسی چیز کا کثرت کے ساتھ بکنا - رواج - مورچی
دَرروے ہوا زدن - جانور کو اڑتا ہوا مارنا -
